★★★ پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | جمعرات 16 صفر المظفر 1445ھ 22 اگست 2024ء 7 ھادوں 2081 ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 311

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

ایران میں زائرین کی بس کو حادثہ 35 پاکستانی جاں بحق، 15 زخمی

110 زائرین کا قافلہ 2 بسوں میں سفر کر رہا تھا، حادثے کا شکار ہونے والی بس میں سوار 53 مسافروں میں سے زیادہ کا تعلق لاڑکانہ اور گھوٹکی سے ہے

حادثہ ایران کے شہر یزد میں بس کے بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا، امدادی ٹیموں نے زخمیوں اور لاشوں کو بس سے نکال کر ہسپتال منتقل کر دیا

یزد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے شہر یزد میں زائرین کی بس کو حادثہ پیش آ گیا جس کے نتیجے میں 35 پاکستانی شہری جان کی بازی ہار گئے جبکہ حادثے میں 15 زائرین زخمی ہوئے ہیں۔ 110 زائرین کا قافلہ 2 بسوں میں سفر کر رہا تھا، حادثے کا شکار ہونے والی بس میں سوار 53 مسافروں میں سے زیادہ کا تعلق لاڑکانہ اور گھوٹکی سے ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق حادثہ ایران کے شہر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



ایران کے شہر یزد میں زائرین کی بس کو حادثے کے بعد آگ لگی ہوئی ہے

چینی سیاحوں کو صوبے میں داخلے سے روکنے پر گورنر کے پی کا اظہار برہمی

صوبائی حکومت اس عمل میں ملوث ہے یہ صوبہ دشمنی نہیں ملک دشمنی ہے، گورنر فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے چینی سیاحوں کو خیبر پختونخوا میں داخلے سے روکنے پر اظہار برہمی کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے رپورٹ طلب کر لی۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت اس عمل

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

سابق چیئرمین سینیٹ رضا ربانی کی ہمشیرہ انتقال کر گئیں

مرحومہ کی نماز جنازہ ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی فیز 3 لاہور میں ادا کی گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق چیئرمین سینیٹ رضا ربانی کی ہمشیرہ لاہور میں انتقال کر گئیں۔ پیپلز پارٹی کے رہنما اور وزیر اعلیٰ سندھ کے معاون خصوصی وقار مہدی نے کہا ہے کہ مرحومہ کی نماز جنازہ ڈیفنس ہاؤسنگ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

پاکستان 2 دہائیوں سے دہشتگردی کیخلاف تنہا جنگ لڑ رہا ہے: صدرِ مملکت

متاثرین دہشت گردی کے عالمی دن پر دہشت گردی کے تمام متاثرین کو خراجِ عقیدت پیش

اسلام آباد (این این آئی) صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کہا ہے کہ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جس نے کامیابی سے دہشت گرد قوتوں پر قابو پایا، پاکستان دو دہائیوں سے دہشت گردی کے خلاف تنہا جنگ لڑ رہا ہے۔ متاثرینِ دہشت گردی کے عالمی دن پر دہشت گردی کے تمام متاثرین کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے کہا کہ جانیں قربان کرنے والے سیکیورٹی فورسز کے بہادر اہلکاروں اور عوام کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ دن دہشت گرد عناصر کے ہاتھوں پیاروں کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

ہر صورت دہشتگردی کا خاتمہ کریں گے وزیر اعظم

بدقسمتی سے پچھلے چند سالوں میں بعض غلطیوں کی بنا پر دہشت گردی دوبارہ آئی، دہشت گردی کے واقعات کا خاتمہ ہو چکا تھا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 150 ارب ڈالر کا پاکستان کو نقصان ہوا

حالات کتنے ہی مشکل ہوں اگر قومیں عزم کریں لیں تو اس بحران سے نکل سکتی ہیں، پاکستان کی ترقی کی کنجی نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے، نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کے علوم سے ہمکنار کریں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر محمد شہباز شریف کا کہنا ہے کہ دہشتگردی کا خاتمہ ہو چکا تھا چند غلطیوں سے دوبارہ لہر آئی۔ اسلام آباد میں قومی یوتھ کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دہشتگردی کی جنگ میں 70 ہزار پاکستانیوں نے جانیں قربان کیں، ہم ہر صورت دہشتگردی کا خاتمہ کریں گے، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں چاروں صوبوں نے قربانیاں دیں۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے پچھلے چند سالوں میں بعض غلطیوں کی بنا پر دہشت گردی دوبارہ آئی، دہشت گردی کے واقعات کا خاتمہ ہو چکا تھا، دہشت گردی کے خلاف جنگ میں 150 ارب ڈالر کا پاکستان کو نقصان ہوا، پاکستان کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں صرف 20 ارب ڈالر ملے۔ محمد شہباز شریف کا کہنا تھا کہ چند روز پہلے ہم نے جشن آزادی منایا، چالیس سال بعد پاکستان نے پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل جیتا، قومی ہیرو ارشد ندیم نے جشن آزادی کی خوشیوں کو دوبالا کیا، ارشد ندیم نے دن رات محنت کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حالات کتنے ہی مشکل ہوں اگر قومیں عزم کریں لیں تو اس بحران سے نکل سکتی ہیں، پاکستان کی ترقی کی کنجی نوجوانوں کے ہاتھ میں ہے، نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کے علوم سے ہمکنار کریں گے، ایک زمانہ تھا جب ہماری زرعی پیداوار ترقی کی راہ پر گامزن تھیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں نوجوانوں میں میرٹ کی بنیاد پر لاکھوں لیپ ٹاپ دیئے گئے، 22 ارب کے وظائف میرٹ پر دیئے گئے، پنجاب ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ آج پاکستان انڈومنٹ فنڈ بن چکا ہے۔ محمد شہباز شریف نے کہا دفاعی اداروں کی ملک کیلئے ناقابل فراموش خدمات ہیں، سمگلنگ کی روک تھام کیلئے ہر ممکن اقدامات کریں گے، ایک وقت تھا جب ہمارے منصوبے دوسرے ملک کاپی کرتے تھے، آج ہمیں پی آئی اے کی نجکاری کرنا پڑ رہی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8

ایران میں پاکستانی زائرین کی بس کو حادثہ، عمر ایوب کا اظہارِ افسوس

حادثے میں جاں بحق افراد کی مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزبِ اختلاف عمر ایوب نے ایران میں پاکستانی زائرین کی بس کو حادثہ پیش آنے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ عمر ایوب خان نے بس حادثے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ دکھ کی اس گھڑی میں غمزدہ خاندانوں کے دکھ میں برابر کا شریک ہوں۔ عمر ایوب نے حادثے میں جاں بحق افراد کی مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر جمیل کی دعا کی۔ عمر ایوب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

9 مئی جناح ہاؤس حملہ کیس: ملزمان کی درخواست ضمانت پر پنجاب حکومت کو نوٹس جاری

سپریم کورٹ نے سماعت غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے 9 مئی جناح ہاؤس حملہ کیس کے ملزمان کی درخواست ضمانت پر پنجاب حکومت کو نوٹس جاری کر دیا جبکہ عدالت نے سماعت غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دی۔ جسٹس منصور علی شاہ کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 2 رکنی بینچ نے 9 مئی سے متعلق ملزم حماد نذیر کی درخواست ضمانت پر سماعت کی۔ بینچ کے سربراہ منصور علی شاہ نے حماد نذیر کے وکیل سے پوچھا کہ ملزم پر کیا الزام ہے؟ جس پر حماد نذیر کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

پرویز الٰہی سے متعلق غیر ضروری درخواست، نیب پر 2 لاکھ روپے جرمانہ

ہائیکورٹ کے 2 رکنی بینچ نے نیب کی درخواست غیر ضروری قرار دے کر خارج کر دی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب و تحریک انصاف کے مرکزی رہنما چودھری پرویز الٰہی سے متعلق غیر ضروری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کا افتتاح کر دیا

اپنے گھر سے بڑی کوئی نعمت نہیں ہوتی، پنجاب حکومت گھروں کی تعمیر کیلئے بلاسود 15 لاکھ روپے قرض دے گی

خواب، خواہش اور ارادہ ہے سکیم کو آئندہ 5 سال میں پورے پنجاب تک لے کر جائیں گے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کا خطاب

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے اپنی چھت اپنا گھر منصوبے کا افتتاح کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب حکومت گھروں کی تعمیر کے لئے بلاسود 15 لاکھ روپے قرض دے گی، اپنے گھر سے بڑی کوئی نعمت نہیں ہوتی، ہم لوگوں کو جلدی جلدی گھر بنا کر بھی دیں گے، خواب، خواہش اور ارادہ ہے اس سکیم کو آئندہ 5 سال میں پورے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9



لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف آشیانہ قائد میں اپنی چھت اپنا گھر ماڈل ہاؤس کا افتتاح کر رہی ہیں

قابل صحافی خواجہ عامر جاوید کو روزنامہ قوت لاہور کی جانب سے بہترین رپورٹنگ پر مبارکباد



شہر اقبال سیالکوٹ کے سنیئر صحافی و اینکر پرسن خواجہ عامر جاوید ڈسٹرکٹ بیورو چیف سیالکوٹ کو صدر ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ نے بزنس کمیونٹی کے بے تاج بادشاہ نیشنل لیڈر ریاض الدین شیخ نے انکی گرانقدر صحافتی خدمات کے اعتراف میں بیٹ جرنلسٹ آف دی ائیر سے نوازا۔ سیالکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ کے سابقہ جائنٹ سیکرٹری الیکٹرانک میڈیا ایسوسی ایشن خواجہ عامر جاوید کا پرنٹنگ پریس بزنس کے ساتھ پروفیشنل صحافتی کیریئر تقریباً 20 سال پر محیط ہے۔ پنجاب یونیورسٹی کے گریجوایٹ و لاء کالج کے طالب علم اور پروفیشنل میڈیا و کمیونٹی ٹرینر خواجہ عامر جاوید کی صحافت کا آغاز روزنامہ جنگ و خبریں کے سنڈے میگزین میں علمی و فکری تحریروں سے ہوا۔ پھر باقاعدہ روزنامہ سماء کے بعد الیکٹرانک میڈیا کا بطور اسسٹنٹ رپورٹر باضابطہ آغاز اے آر وائے نیوز چینل سیالکوٹ بیٹ میں اپنے استاد سید محسن رضا نقوی کی شاگردی سے کیا۔ پھر سما نیوز سیالکوٹ کی چوتھی تحصیل بننے پر بطور تحصیل رپورٹر روزنامہ ایکسپریس سمبڑیال رہے۔ رائل نیوز چینل کے ڈسٹرکٹ بیورو سیالکوٹ نے عرصہ دراز تک سیالکوٹ میں فلصحافتی خدمات سرانجام دیں بعد ازاں سپریم کورٹ آف پاکستان و اسلام آباد میں بطور رائل نیوز اینکر پرسن تقریباً دو سال صحافتی خدمات سرانجام دیں۔ بعد ازاں ابتک بطور روزنامہ قوت لاہور کے ڈسٹرکٹ بیورو چیف سیالکوٹ صحافتی خدمات سرانجام دے رہے ہیں ساتھ ہی سوشل میڈیا چینل قوت نیوز و پاکستان میڈیا ٹوڈے میں بھی صحافتی امور کی انجام دہی کر رہے ہیں۔ دوستو بہترین کرائم سٹوری پر سابقہ آئی جی پنجاب حاجی حبیب اللہ خان نے انہیں تعریفی اسناد و انعام سے نوازا مختلف سکولز، کالجز و تعلیمی اداروں نے گرین جرنلزم پر انہیں ایوارڈز دیئے اسکے علاوہ الحمرہ آرٹ کونسل میں بطور پروفیشنل صحافی انکی خداداد صلاحیتوں کے اعتراف میں متعدد بار تقریبات میں شیلڈز پیش کی گئیں۔ سیالکوٹ کنٹونمنٹ میں قائم سیالکوٹ فشنگ سکول کی میڈیا پروجیکشن میں بطور اینکر پرسن و میڈیا ٹیم میں کرنل مبشر نے انہیں مدعو کیا اس دوران بہترین پرفارمنس کیساتھ پیشہ وارانہ خدمات سرانجام دیتے ہوئے داد وصول کی۔ خواجہ عامر جاوید کا کہنا ہے کہ اس ملک نے ہمیں بہت کچھ دیا ہے آج ہمیں چاہیے کہ ملک کی داخلی و خارجی سرحدوں کے محافظ اور شہادتیں دینے والی اپنی بہادر افواج پاکستان ملکی سلامتی کے اداروں پاکستان پولیس ہو یا پھر ریاستی ادارے سب کیلئے مثبت و قابل قدر صحافت کرتے ہوئے گرین جرنلزم کو فروغ دیتے دنیا بھر میں اپنے ملک و قوم اور اداروں کے بہتر تشخص کو بہترین اجاگر کرنا چاہیے پاکستان میڈیا ٹوڈے ٹیم اپنے سوشل پرنٹ الیکٹرانک میڈیا پر گرین جرنلزم کر رہی ہے اور دیگر صحافتی برادری کو بھی اس کیلئے وقتاً فوقتاً مختلف قومی و علاقائی فورمز پر اسکی اپیل کرتے رہتے ہیں۔ معزز قارئین کرام من حیث الانسان کوئی مکمل نہی سوائے ذات جناب محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اور انکی ذات و خلق عظیم تمام نوع انسانی کے لئے مشعل راہ ہے۔ دوستو ہر شخص میں شخصی عیوب و حامیاں ہوتی ہیں مگر انسان شعور اور ذہنی پختگی کیساتھ اپنی حامیاں، کوتاہیاں، غلط چال چلن، جھوٹ فریب و منافقت سمیت قلم و دوسروں کی حق تلفی سمیت دیگر برائیوں سے اجتناب برتتا اور خود کو ایک بہتر انسان بنانے کی سعی یعنی کوشش کرتا ہے تاخود اور آئندہ نسل کو بھی اللہ کا اچھا بندہ اور معاشرے کا مثبت و مفید مسلمان و بہتر انسان ثابت کر سکے۔ یہ سب کرنے کے لئے کچھ عملی اقدامات ہیں جن پر عمل پیرا ہو کر بہتری سے بہترین کا سفر آسان ہو جاتا ہے۔ بہت سے اصولوں سے بہتر 10 اصول

1. اپنے اور غیر کی بجائے حق و سچ کا ساتھ دینا اور بے جا مصلحت پسندی کی بجائے سچائی پر فیصلے کرنا۔
2. جھوٹ فریب جرائم و کرپشن سے حرام و حلال کی تمیز کیے بغیر حلال کمائی میں حرام کی آمیزش سے ہر ممکن طور بچا جائے۔
3. بے راہروی و مصنوعی زندگی سے نکل کر اصولوں پر مبنی صاف ستھری زندگی گزارنے کی کوشش کی جائے۔
4. دوسروں کو واعظ و نصیحت کرنے سے قبل خود احتسابی کے عمل سے خود کو گزارا جانا انتہائی اہم ہے۔
5. افسانوی ڈرامائی زندگی گزارنے کی بجائے اپنی اوقات میں رہتے حقیقت و سچائی پر مبنی زندگی گزاری جائے۔
6. کبھی بھی امیر و دولتمند ہونے کے لئے کرپشن و برائی کی راہ اختیار نہ کیجئے کہ یہ سوچ جرم کرپشن و اخلاقی پستی کی دلدل میں کیجاتی ہے جس کا اختتام زلت و رسوائی اور جیل و بند ہے۔
7. ہمیشہ کوئی بھی برائی کرنے سے پہلے آنکھوں کے سامنے اپنے بیوی بچوں اور ماں باپ کو نگاہ میں لائیے کہ آپ لاک اپ یا جیل چلے جائیں گے تو وہ آپ اور آپ انکے بغیر کیسے رہیں گے۔
8. ہمیشہ آوروں سے عزت و احترام سے پیش آئیں تا کہ آپ کو بھی عزت والی زندگی ملے۔

رشتوں میں نفرت، زلت، خطارت اور عدل و انصاف نہ کرنے والے ماں باپ ہوں یا اولادیں کبھی مثبت سوچ کے حامل نہ ہو پائیں گے۔

9. کبھی حق سچ پر چلنے والوں پر جھوٹ فریب و دھوکہ دہی و منافق لوگوں کو ترجیح نہ دیں بلکہ انکی سرزنش کر کے انہیں بہتر کیجئے کہ غلطی کرنے کی معافی ہے مگر غلطی کر کے اس پر قائم ہونا خطرناک ہے۔
10. نصیحت دانا کے لئے عظیم تحفہ جبکہ جاہل و جابر کے لئے انتہائی مضر چیز کہ جو اسے بھڑکا دیتی ہے۔ اس لئے نصیحت وہاں کیجائے جہاں ضرورت ہے۔

سنیئر صحافی خواجہ عامر جاوید کا تعارف!

شہر اقبال سیالکوٹ سے صحافت کی دنیا میں بہت ہی معتبر نام، بہت ہی خوبصورت شخصیت کے مالک خواجہ عامر جاوید حقیقی معنوں میں ایک مخلص ساتھی ایک دردمند انسان دوست باوقار شخصیت اگر میں بات کروں خواجہ صاحب کی تو میں سمجھتا ہوں نارووال کی دھرتی کے لیے ایسے لوگ قدرت کا ایک عظیم تحفہ ہوتے ہیں جو ہمیشہ دوسروں کی بہتری کا سوچتے ہیں اور اگر میں بات کروں صحافت کی تو آج کے دور میں جب زرد صحافت اور مفادات کی صحافت عروج پر ہے اور نام نہاد صحافی جن کا کام صرف وقت کے حکمرانوں کے قصیدے پڑھنا ہو لوگوں کے مسائل کی بات ہی نہ ہو ایسے وقت میں خواجہ صاحب جیسے صحافی کا ہونا بھی ایک نعمت سے کم نہیں جو عوام کے مسائل کی بات کرتے ہیں۔ شہر اقبال کی زرخیز مٹی نے علم و حکمت، صنعت و حرفت، سپورٹس، صحافت، وکالت، افواج پاکستان و پولیس، فنکار و موسیقار اور دیگر شعبہ ہائے زندگی میں وہ گوہر نایاب دنیا کو دیئے جنہوں نے اللہ کے فضل سے اپنے فن سے وطن عزیز کو شہرت کی وہ بلندیاں بخشیں کہ تاریخ میں امر ہو گئے۔ اپنی 8 نسلوں کا سلسلہ نسب لیکر چلنے والے خواجہ عامر جاوید کے جد امجد ریاست جموں کے شہر عمرکوٹ کے قصبہ بٹ کھنڈ سے تعلق رکھتے تھے جو تقسیم ہند سے قبل بھی تجارتی سامان کی فروخت کی غرض سے سیالکوٹ آتے جاتے تھے قیام پاکستان کے بعد بٹ کھنڈ جموں سے ہجرت کے وقت اپنا رقبہ چھوڑ کر سیالکوٹ انیوالی اس فیملی کو گاؤں موماں کلاں میں انکے پڑدادا خواجہ رسول بخش بٹ المعروف محلے دار کو زرعی اراضی دی گئی۔ بعد ازاں خواجہ عامر جاوید کے دادا خواجہ ظہور حسین بٹ ایک درویش منش اور ادب سے لگاؤ رکھنے والے ڈاکٹر علامہ اقبال کے رفیق اور عظیم فکری شخصیت تھے اور انکے صاحبزادے عہد ساز شخصیت خواجہ جاوید فرخ جو ایک عظیم عملی و ادبی کاروباری شخصیت ہونے کیساتھ بائیوگرافیکل انسائیکلوپیڈیا پاکستان کے مولف ہونے کیساتھ لاہور کے ایک نامور صحافی بھی تھے۔ بقول خواجہ عامر جاوید کو ادب و احترام اور عمدہ اخلاق پر رہتے ہوئے سچائی و حقانیت پر عمل پیرا ہونے کا حسینی فلسفہ تعلیمی اداروں نے کم بلکہ والد گرامی نے تربیت کے دوران دیا۔

والد گرامی خواجہ جاوید فرخ بٹ کی اپنی زندگی ہمیشہ مخلوق اللہ کی خدمت و انسانیت سے محبت پر منتج رہی۔ بے خوف ہونے کے لئے پاکردار ہونا لازم ہے کے فلسفہ حیثیت پر چلنے کا حکم اس مرد قلندر کو جد امجد سے وراثتاً منتقل ہوتے اپنے دادا جان و مرشد خواجہ ظہور احمد بٹ سے ملا۔ انکی والدہ محترمہ کی نصیحت کہ بلاشبہ کامیابی اللہ اور رسول اللہ کے احکامات پر عمل پیرا ہو کر مخلوق اللہ کی خدمت و انسانیت میں پنہاں ہے۔ جب بھی اپنے والد یا والدہ کی عمر یا اپنے بڑوں کیساتھ ملاقات ہو ان سے اسی طرح ادب و احترام کیساتھ پیش آئیں جیسے اپنے والدین کیساتھ پیش آتے ہیں۔ یہ وہ بہترین تعلیم و تربیت اور افکار ہیں جو ہمارے اس پیارے دوست میں بدرجہ اتم دکھائی دیتے انہیں باکمال کرتے ہیں۔





مریم نواز 2 صوبائی حکومتوں کے اعصاب پر سوار ہیں عظمیٰ بخاری

سندھ اور خیبر پختونخوا حکومتوں کے اپنے ہسپتالوں، تعلیمی اداروں کا کوئی پرسانِ حال نہیں اور ان کو فکر پنجاب کی پڑی ہے

ایک حکومت 16 سال بعد بھی کراچی کا کچرا نہیں اٹھا سکی، دوسری حکومت 11 سال بعد بھی دریاؤں کو کراس کرنے والی ڈولیوں سے جان نہیں چھڑا سکی

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز دو صوبوں کی حکومتوں کے اعصاب پر بری طرح سوار ہیں، سندھ اور خیبر پختون خوا کی حکومتیں اپنے صوبوں کی بجائے پنجاب پر نظر رکھنے کے فرائض انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مریم نواز پنجاب میں مفت ادویات، الیکٹرک بائیسکل اور اسکالرشپ دے رہی ہیں، الحمدللہ، مریم نواز نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

خسارے والے اداروں کی نجکاری کر کے ملکی خزانے کے بوجھ کو کم کرنا ہے، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے نجکاری و سرمایہ کاری بورڈ اور مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ خسارے والے اداروں کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11



اسلام آباد، جرمن وفاقی وزیر اکنامک کارپوریشن اینڈ ڈویلپمنٹ وزیر اکنامک افیئرز احمد خان چیمہ سے ملاقات کر رہی ہیں

ایئر پورٹس پر انتظامی مسائل کی وجہ سے 18 پروازیں منسوخ، متعدد تاخیر کا شکار

لاہور (این این آئی) لاہور سمیت ملک کے مختلف ایئر پورٹس پر انتظامی مسائل کی وجہ سے 18 پروازیں منسوخ جبکہ متعدد تاخیر کا شکار رہیں۔ ایئر لائنز کے انتظامی مسائل کے باعث کراچی سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

اسحاق ڈار کی بطور نائب وزیر اعظم تقرری کیخلاف درخواست پر فریقین کو نوٹسز جاری

آئین میں نائب وزیر اعظم کا کوئی عہدہ نہیں ہے، اسحاق ڈار کو 90 لاکھ روپے کے مساوی مراعات ملیں گی، درخواست گزار

کراچی (این این آئی) سندھ ہائی کورٹ نے اسحاق ڈار کو نائب وزیر اعظم مقرر کرنے کے خلاف دائر درخواست کی فوری سماعت کی استدعا پر فریقین کو نوٹسز جاری کر دیے۔ سندھ ہائی کورٹ نے اسحاق ڈار کو نائب وزیر اعظم مقرر کرنے کے خلاف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

سرتھرا پنجاب پروگرام کو ڈیجیٹائز کرنے کیلئے معاہدے پر دستخط

معاہدے کے تحت ''زندگی جے ایس بینک'' سترھرا پنجاب کی ایپ بلا معاوضہ تیار، سروے بھی کرے گا

وزیر اعلیٰ کے ویژن پر عملدرآمد سے ملازمت کے ایک لاکھ کے قریب مواقع پیدا ہوں گے، وزیر بلدیات ذیشان رفیق

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے ''سترھرا پنجاب'' پروگرام کی کامیابی کی جانب اہم پیشرفت ہوئی ہے جس کے تحت جے ایس بینک کا آئی ٹی پلیٹ فارم ''زندگی'' اس پروگرام کی ڈیجیٹائزیشن کرے گا۔ اس ضمن میں پنجاب کی 8 ویسٹ مینجمنٹ کمپنیوں اور ''زندگی'' کے درمیان ایم او یوز پر دستخط کئے گئے ہیں۔ ہر ویسٹ مینجمنٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

دنیا بھر میں متاثرین دہشتگردی کی یاد کا عالمی دن منایا گیا

لاہور (این این آئی) پاکستان سمیت دنیا بھر میں متاثرین دہشت گردی کی یاد اور انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کا دن منایا گیا۔ اس دن کے حوالے سے صدر مملکت آصف علی زرداری نے تمام متاثرین دہشت گردی کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ اپنے پیغام میں صدر مملکت نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف 2 دہائیوں سے جاری جنگ کی پاکستان نے بھاری قیمت چکائی ہے۔ آصف علی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

بنگلہ دیش میں حسینہ واجد یا عوامی لیگ کو نہیں خود مودی سرکار کو شکست ہوئی ہے، راشد نسیم

نظریاتی تحریکیں ناسازگار حالات اور آزمائشوں میں ختم نہیں ہوتیں، حکمت سے اپنا راستہ بناتی ہیں

لاہور (این این آئی) جماعت اسلامی کے مرکزی رہنما اور اسلامک اسکالر راشد نسیم نے کہا ہے کہ نظریاتی تحریکیں ناسازگار حالات اور آزمائشوں میں ختم نہیں ہوتیں بلکہ حکمت سے اپنا راستہ بناتی ہیں جس کی تازہ مثال جماعت اسلامی بنگلہ دیش ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

عوام کو ریلیف دینے کیلئے جو بھی اقدام اٹھانا پڑا اٹھائیں گے ملک محمد احمد خان

لوگوں کے مسائل کا حل اور انہیں فوری انصاف کی فراہمی پنجاب حکومت کی اولین ترجیحات ہیں حلقے کی عوام سے ملاقات میں گفتگو

قائم مقام گورنر ملک احمد خان کا ایران میں پاکستانی زائرین بس حادثے پر اظہار افسوس، جاں بحق ہونے والوں کے لیے دعائے مغفرت



قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خان گورنر ہاؤس میں اپنے حلقے کی عوام کے مسائل سن رہے ہیں

لاہور (خبر نگار) قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خان نے گورنر ہاؤس میں اپنے حلقے کی عوام سے ملاقات کی۔ ملاقات میں قائم مقام گورنر ملک محمد احمد خان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

صدر مملکت کا ایران میں پاکستانی زائرین کی بس کے المناک حادثے پر دلی رنج و غم کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ایران میں پاکستانی زائرین کی بس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

روزنامہ قوت لاہور
ہفت روزہ قوت فیصل آباد

سٹی نیوز

سینئر صحافی عمیر جٹ کیساتھ راہزنی کی واردات، ڈاکو موبائل فون چھین کر فرار

عمیر جٹ گزشتہ روز ہی آئی اے بی کی پریس کانفرنس سے واپس اپنے دفتر آرہے تھے کہ ڈاکوؤں نے انہیں لوٹ لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت میں بڑھتی ہوئی چوری، ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں کے باعث شہری شدید پریشان، ڈاکوؤں نے صحافیوں کو بھی لوٹنا شروع کر دیا، پولیس نے ہاتھی کا راستہ روکنے کے باعث صحافی عمیر جٹ کیساتھ راہزنی کی واردات کے باعث صحافی سراپا احتجاج، شدید الفاظ میں مذمت بھی کی، تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز سینئر صحافی سی آئی اے کی پریس کانفرنس سے فارغ ہو کر اپنے دفتر آرہے تھے کہ گلبرگ قرطبی روڈ کے قریب دو نامعلوم ڈاکوؤں نے ان سے موبائل فون چھین لیا اور فرار ہو گئے، سینئر صحافی اور ممبر پریس کلب عمیر جٹ کیساتھ ہونیوالی اس واردات پر صحافیوں نے شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور اور سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ سے فوری طور پر نوٹس لینے کا مطالبہ بھی کیا ہے۔

ریلویز پولیس کی ہفتہ وار فلاحی کارکردگی کی تفصیل جاری

17 گمشدہ اور گھر سے بھاگے بچے ورثاء کے حوالے، راولپنڈی ڈویژن نمایاں رہی

لاہور (نیشنل رپورٹر) ریلوے پولیس کی آنکھوں میں بسنے والی 12 اگست سے 18 اگست تک مسافروں کی خدمت اور دیگر سہولیات مہیا کرتے ہوئے 17 گھر سے بھاگے اور گمشدہ بچوں بچیوں، بچیاں اور لڑکیاں شامل ہیں کو سکاتی سے اگلے ورثاء کے حوالے کیا، اسکے علاوہ 56 مسافروں کو لاوارثی سامان بھی واپس کیا، اسکے علاوہ 111 مسافروں کو بحفاظت اپنی اپنی منزل تک پہنچایا، 24 کو سوئے ہوئے بچوں کو بحفاظت اپنے اپنے والدین کے ساتھ جانے کیلئے کیا گیا۔ اسی طرح 375 مسافروں جن میں ضعیف اور زخمی شامل ہیں کو وہیل چیئرز اور فرسٹ ایڈ کی سہولیات بھی فراہم کی گئیں، تفصیلات کے مطابق ہفتہ وار کارروائی میں راولپنڈی ڈویژن فلاحی کارکردگی کے حساب سے پہلے کی طرح پھر نمایاں رہی جس نے گھر سے بھاگے بھائی 7 بچوں اور بچیوں کو اپنے ورثاء کے حوالے کیا۔ راولپنڈی ڈویژن نے 11 مسافروں کو انکوائری سامان جس کی مالیت تقریباً 1 لاکھ 82 ہزار روپے بنتی ہے واپس کیا، کے علاوہ 111 مسافروں کو وکیل چیئرز اور فرسٹ ایڈ کی سہولت فراہم کی گئی۔ تاہم میں پشاور ڈویژن نے 3، 1 اور 2 مکھم نے کوئٹہ 1 اور کراچی ڈویژن نے 2 بچوں اور بچیوں کو ورثاء کے حوالے کیا۔ مزید گمشدہ مسافروں کی واپسی اور قدرتی صورت میں پشاور ڈویژن نے 84، لاہور 49، ملتان 29 جکھم 26، کراچی 106 اور کوئٹہ نے 15 مسافروں کی معاونت کی۔



ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ آفس پاکستان ریلوے محمد طفیل گل آفس سپرنٹنڈنٹ کنفیڈینشل کو سیرت نبی کتاب کا تحفہ دے رہے ہیں

آفس سپرنٹنڈنٹ کنفیڈینشل حاکم علی کی مدت ملازمت مکمل ریٹائرمنٹ پر مختصر تقریب کا اہتمام

حاکم علی دریہ نے محکمہ کیساتھ اپنی طویل رفاقت پر اظہار خیال کیا، ڈی ایس ریلوے لاہور کا کہنا تھا کہ حاکم علی دریہ اور مخلص ساتھیوں میں سے ہیں اور انہوں نے ریلوے میں پیشہ ورانہ اور قابل اعتبار سروس کی، علم اور محنت عمر کے محتاج نہیں تاہم کمٹھی ساتھیوں کے تعاون سے لینڈ ریونیو جیسے مشکل ڈارٹ کو اچیو کیے، انہوں نے کہا ہمیشہ ادارے کے مفادات کا خیال رکھیں۔ واضح رہے حاکم علی نے 1985 میں کیریئر کلینڈری اسلام آباد سے اپنی سروس کا آغاز کیا۔ دوران سروس ان کو 35 دفعہ کیش ایوارڈ اور سی کارکردگی سرٹیفکیٹ سے بھی نوازا گیا۔ تقریب کے اختتام پر حاکم علی نے ڈی ایس ریلوے لاہور اور دیگر افسران کا شکریہ ادا کیا۔

(نیشنل رپورٹر) آفس سپرنٹنڈنٹ کنفیڈینشل حاکم علی مدت ملازمت مکمل ہونے پر ریٹائرمنٹ کے اعزاز میں ڈویژنل آفس کے کمیٹی روم میں مختصر تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے لاہور محمد حنیف گل، ڈپٹی ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ آپریشن ہشری رحمان، ڈویژنل پرسنل آفیسر صفراز حیات دیگر افسران نے ریٹائرمنٹ والے ہیڈ کنفیڈینشل کو خراج تحسین پیش کیا۔ تقریب میں ڈویژنل کمرشل آفیسر غلام فرید اسسٹنٹ ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ و اسسٹنٹ افسران نے بھی خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی ایس ریلوے نے حاکم علی کو سیرت نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کتاب کا تحفہ دیا اور تیک تمناؤں کا اظہار کیا۔



صوبائی وزیر صحت وچیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں لاء لاءاینڈ آرڈر کا 11 واں اجلاس منعقد

اجلاس میں صوبہ بھر میں امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل اور متعلقہ افسران نے بریفنگ دی

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ داخلہ میں لاء لاءاینڈ آرڈر کا 11 واں اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین جبکہ صوبائی وزیر بلال اکبر خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبہ بھر میں امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل اور متعلقہ افسران نے بریفنگ دی۔ پولیس و متعلقہ اداروں کو شہدائے کربلا کے چہلم اور ربیع الاول کے مبارکہ جلوسوں جبکہ 917 محاسن پر سیکیورٹی کے غیر معمولی انتظامات کئے جائیں گے۔ شہدائے کربلا عرس مبارک پر صوبہ بھر میں پاک آرمی و رینجرز کی 43 کمپنیاں فرائض سرانجام دیں گی۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ محکمہ داخلہ پنجاب میں خصوصی مانیٹرنگ کیلئے کنٹرول روم قائم کیا جارہا ہے۔ صوبہ بھر میں امن وامان کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے اجلاس کو بتایا کہ 14 اگست کو 11 بجے سے 15 اگست کو 11 بجے تک 322 مقدمات کا اندراج کر کے 1 ہزار 11 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ ان میں 11 ملزمان کو 10 مقدمات میں گرفتار کیا گیا۔ ان کے قبضہ سے 1 کلاشنکوف، 1 رائفل، 1 پستول، 1 ریوالور، 1 ہینڈ گرنیڈ، 1 کلو 200 گرام چرس، 1 کلو 100 گرام ہیروئن، 1 کلو 100 گرام آئس، 1 کلو 100 گرام افیون، 1 کلو 100 گرام گانجا، 1 کلو 100 گرام ہیروئن، 1 کلو 100 گرام آئس، 1 کلو 100 گرام افیون، 1 کلو 100 گرام گانجا برآمد کیا گیا۔ 1 ہزار 11 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ 1 ہزار 11 ملزمان کو 10 مقدمات میں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
روزنامہ قوت لاہور (3) 22 اگست 2024ء

وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی کیلئے طالبعلموں کو اپنے ہنر کے جوہر دکھانا ہونگے

ڈپٹی کمشنر

ضلع بھر کے ڈی پی ایس اینڈ کالجز کے پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے والے 24 طلبہ وطالبات اور ڈی پی ایس ایڈ کالج دیپالپور کے میٹرک امتحانات میں 1100 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے 31 طلبہ وطالبات میں سرٹیفکیٹس، شیلڈز اور میڈلز کی تقسیم

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان نے کہا ہے کہ اعلیٰ تعلیم میں ترقی کا راز مضمر ہے، ترقی یافتہ قومیں زیور تعلیم سے آراستہ ہو کر کامیابی کی منزلیں طے کرتی ہیں، وطن عزیز کی ترقی و خوشحالی کے لیے طالب علموں کو محنت سے تعلیم حاصل کر کے زندگی کے تمام شعبوں میں اپنے ہنر کے جوہر دکھانا ہوں گے، یہ باتیں انہوں نے میٹرک کے سالانہ امتحانات میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طالب علموں کے اعزاز میں ڈی پی ایس اینڈ کالج دیپالپور میں منعقدہ تقریب تقسیم انعامات کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہیں، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ محمد طاہر امین، اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فضل عباس، کنٹرولر امتحانات محمد نبیل کیانی، ایس اے او فقیر محمد سمیت پرنسپل اور دیگر اساتذہ وطالبعلموں کے والدین بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر کیپٹن رفرخ عتیق خان نے میٹرک کے امتحانات میں بورڈ کے 2 پوزیشن ہولڈرز، ضلع بھر کے ڈی پی ایس اینڈ کالجز کے پہلی تین پوزیشنز حاصل کرنے والے 24 طلبہ و طالبات اور ڈی پی ایس ایڈ کالج دیپالپور کے میٹرک امتحانات میں 1100 سے زائد نمبر حاصل کرنے والے 31 طلبہ و طالبات میں سرٹیفکیٹس، شیلڈز اور میڈلز تقسیم کیے، ڈپٹی کمشنر کیپٹن رفرخ عتیق خان نے طلبہ طالبات کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ طلبہ و طالبات زندگی کے مختلف شعبوں میں محنت کا تسلسل برقرار رکھیں گے اور کامیابی سے ملک کا نام روشن کریں گے، دریں اثناء انہوں نے تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ محمد طاہر امین، اسسٹنٹ کمشنر دیپالپور فضل عباس سمیت ڈی پی ایس اینڈ کالجز کے پرنسپلز، افسران اور اساتذہ میں سوونیئر زبھی تقسیم کیے۔



اوکاڑہ: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق میٹرک کے سالانہ امتحانات میں ساہیوال بورڈ میں طالبات میں دوسری پوزیشن حاصل کرنیوالی طالبہ کو نقد انعام اور شیلڈ دے رہے ہیں۔



اوکاڑہ: ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق میٹرک کے سالانہ امتحانات میں ساہیوال بورڈ میں طالبات میں دوسری پوزیشن حاصل کرنیوالی طالبہ کو سوونیئر پیش کر رہے ہیں۔

جہلم پریس کلب کے نومنتخب صدر مہر محمد الیاس، جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو نے پریس کلب کی ذیلی تنظیم ڈیجیٹل میڈیا کے عہدیداروں کا اعلان

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پریس کلب کے نو منتخب صدر مہر محمد الیاس، جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو نے پریس کلب کی ذیلی تنظیم ڈیجیٹل میڈیا کے عہدیداروں کا اعلان کر دیا نئی کابینہ نے اتفاق رائے سے زبیر احمد ربانی کو چیئرمین، محمد شیر خان کو وائس چیئرمین، عبدالمنان کو سرپرست اعلیٰ، چوہدری سعید ایوب کو سرپرست انیس الرحمن بٹ کو صدر، نعمان علی کو سینئر نائب صدر، راجہ تنویر کیانی کو نائب صدر، محمد ادریس کو جنرل سیکرٹری، طاہر محمود خان کو ڈپٹی جنرل سیکرٹری، ارشد جاوید کو فنانس سیکرٹری، رانا منصور احمد کو سیکرٹری اطلاعات ونشریات، فضل حسین خان کو سیکرٹری نشریات، محمد طیب بٹ کو آفس سیکرٹری، عبدالرحمن ریاض اور دیگر ڈیجیٹل میڈیا جہلم پریس کے ممبران ہونگے، اس موقع پر صدر جہلم پریس کلب مہر محمد الیاس، جنرل سیکرٹری الیاس صادق وٹو، سرپرست چوہدری مہربان حسین، سینئر نائب صدر سید مستفیض اقبال بخاری، نائب صدر مرزا راحیل بیگ، سیکرٹری اطلاعات ڈاکٹر اعجاز اعوان آفس سیکرٹری عبدالغفار آزاد، صدر الیکٹرانک میڈیا چوہدری عابد محمود، جنرل سیکرٹری غلام قادر مخلص چیئرمین عامر کیانی صدر پرنٹ میڈیا چوہدری ناصر نون سمیت تمام عہدیداران نے ڈیجیٹل میڈیا کے نومنتخب عہدیداران کو مبارک پیش کی۔

بارش کے باعث ایک نجی سکول کے کلاس روم کی چھت گر گئی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد کے نواحی قصبہ رسولپور تارڑ میں بارش کے باعث ایک نجی سکول کے کلاس روم کی چھت گر گئی جس کے نتیجہ میں متعدد طالبہ وطالبات زخمی ہو گئے۔ علاقہ مکینوں نے فوری طور پر وہاں پہنچ کر زخمی طلبہ وطالبات کو نکالا۔ جس کے بعد انہیں مرہم پٹی کے بعد گھروں میں بھیج دیا گیا۔

بارش کے بعد علی پور روڈ ندی نالوں میں تبدیل ہوگئی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں گزشتہ روز علی الصبح دو گھنٹے تک جاری رہنے والی بارش کے بعد علی پور روڈ ندی نالوں میں تبدیل ہوگئی جس کے بعد مذکورہ روڈ پر واقع گورنمنٹ گرلز کالج اور گورنمنٹ گرلز ڈبل سیکشن سکول کی ہزاروں طالبات کا اپنے اداروں میں جانا محال بنا رہا جبکہ کئی طالبات پانی میں گر کر نڈھال ہوگئیں۔ تفصیلات کے مطابق علی پور روڈ جہاں پر گورنمنٹ گرلز پوسٹ گریجویٹ کالج اور گورنمنٹ گرلز ڈبل سکول کے علاوہ کئی دیگر تعلیمی ادارے اور اکیڈمیاں موجود ہیں یہاں پر نکاسی آب کے نالوں/ نالیوں کی بندش کے باعث معمولی بارش سے کئی کئی فٹ پانی کھڑا ہو جاتا ہے جس کی وجہ سے طالبات کا اپنے اداروں میں داخل ہونا محال ہو جاتا ہے جس پر طالبات اور انکے والدین نے سخت احتجاج کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کمیٹی کے افسران سے مطالبہ کیا ہے کہ مذکورہ تعلیمی اداروں کے ساتھ ساتھ نالہ جات کی فوری صفائی کروائی جائے تاکہ طالبات ذہنی اذیت سے بچ سکیں۔

گیسپکو ریجن میں عارضی فنی خرابی کی وجہ سے 06 فیڈرز جبکہ ایمرجنسی کی وجہ سے پانچ فیڈرز بند

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) اس وقت گیسپکو ریجن میں عارضی فنی خرابی کی وجہ سے 06 فیڈرز جبکہ ایمرجنسی پرمٹ کی وجہ سے 05 فیڈرز بند ہیں۔ فنی خرابی کی وجہ سے بند فیڈرز گجرانوالہ سٹی سرکل کے شیر گڑھ مختار کالونی، کینٹ سرکل کے نانوانا، بوئیکی، جسین پورہ، سیالکوٹ سرکل کا کھمبانوالہ، جس کی جلد بحالی کے لئے گیسپکو سٹاف مصروف عمل ہے۔ ایمرجنسی پرمٹ کی وجہ سے بند فیڈرز سوہاوہ، پاور ہاؤس، ریلوے روڈ، کلوال، کچہری روڈ جوکہ 1 گھنٹے کے اندر اندر بحال کر دیے جائیں گے۔ گیسپکو کے تمام فیڈرز کیٹیگری 1 اور 2 میں آتے ہیں جو کہ لوڈ شیڈنگ سے مکمل مستثنیٰ ہیں۔

نعیم شیخ کی کاوشیں رنگ لے آئیں، دورویہ حصے کی تعمیر نو کی منظوری دیدی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم پراچہ) سینئر صحافی اور ساہیوال پریس کلب کے سابق جنرل سیکرٹری نعیم شیخ کی کاوشیں رنگ لے آئیں۔ سیکرٹری کمیونیکیشن اینڈ ورکس سہیل اشرف نے نعیم شیخ کی مداخلت پر شہر سے گزرنے والی اولڈ جی ٹی روڈ کے دورویہ حصے کی تعمیر نو کی منظوری دے دی۔ واضع رہے کہ شہر کی یہ اہم سڑک ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے۔ جس کی وجہ سے روزانہ سینکڑوں افراد کو سفری مشکلات کا سامنا تھا۔ منصوبے کی منظوری کے بعد محکمہ ہائی وے نے ٹینڈر بھی جاری کر دئے ہیں۔ منصوبے کے تحت لاہور بائی پاس سے عارف والا پل تک سڑک کے دورویہ 25.4 کلومیٹر کی تعمیر نو کی جائے گی جس پر لاگت کا تخمینہ 39 کروڑ 32 لاکھ روپے لگایا گیا ہے۔

عقیدہ ختم نبوت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، محمد افضل باجوہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جامعہ اسلامیہ فیروزیہ داتازیدکا میں امیر تحریک فدایان ختم نبوت قاری محمد افضل باجوہ کی زیر صدارت علماء اہلسنت کا ہنگامی اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع سیالکوٹ ضلع نارووال اور ضلع شیخوپورہ کے مختلف علاقوں سے علماء کرام اور پیران عظام نے کثیر تعداد میں شرکت کی شرکاء نے پاکستان میں ختم نبوت کے خلاف کام کرنے والے نئے فتنے کے خلاف قرارداد منظور کی اور مشترکہ لائحہ عمل دیتے ہوئے کہا کہ عقیدہ ختم نبوت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا اسلام دشمن قوتیں سن لیں ہم کٹ مر تو سکتے ہیں لیکن ختم نبوت پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے ان شاء اللہ 8 ستمبر بروز اتوار کو علماء اور پیران عظام کی قیادت میں ختم نبوت ریلیاں نکالی جائیں گی اور عظیم الشان ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوگی۔

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کی زیر صدارت جائزہ اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایمرجنسی رسپانس کمیٹی کا جائزہ اجلاس کا انعقاد۔ اجلاس میں تمام محکمہ صحت سمیت متعلقہ محکموں کے افسران و اہلکاران نے شرکت کی، اجلاس کو ڈینگی کے خاتمہ کے سلسلہ میں کئے جانے والے اقدامات کے بارے میں بتایا گیا کہ مختلف محکموں کے 1897 اینڈ رائنڈ یوز رز ضلع بھر کے 623 ہاٹس سپاٹس کی کڑی نگرانی میں مصروف ہیں، اب تک انسپکشنز کے دوران 11 مقامات پر ڈینگی لاروا کو تلف کیا جا چکا ہے، اس کے ساتھ ساتھ ڈینگی سرویلنس اور تھرڈ پارٹی ویلیڈیشن کا سلسلہ بھی باقاعدگی سے جاری ہے اور تمام اینڈ رائنڈ یوزرز پی آئی ٹی بی کے ڈیش بورڈ پر تمام کاروائیوں کو اپ لوڈ بھی کر رہے ہیں، ڈپٹی کمشنر کیپٹن رفرخ عتیق خان نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ موسم برسات میں بارشی پانی کے فوری نکاس کے لیے انتظامات کیے جائیں۔

گوجرانوالہ: مہر ویلفیئر سوسائٹی کی سپریم کونسل کا اجلاس

اجلاس کی صدارت چیئرمین مہر ویلفیئر سوسائٹی پاکستان چودھری سجاد مشتاق مہر نے کی



گوجرانوالہ: ون یونٹی گروپ کی حمایت کے موقع پر سرپرست اعلیٰ مہر ویلفیئر سوسائٹی پاکستان مہر انور، میاں سعود الحسن ڈار و دیگر کا سابق صدر چیمبر عمر اشرف مغل، امیدوار صدر ون یونٹی گروپ اظہر اسلم، امیدوار سینئر نائب صدر چودھری محمد انیس، امیدواران ایگزیکٹو ممبرز چودھری زبیر اشرف، چودھری حبیب اللہ، انعام اللہ اپل، چودھری رومیل ارشد، حافظ طارق وڑائچ، چودھری محمد اختر، محمد حسن چودھری، حافظ عمیر، افتخار

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) مہر ویلفیئر سوسائٹی کی سپریم کونسل کا اجلاس زیر سرپرستی مہر ویلفیئر سوسائٹی پاکستان کے سرپرست اعلیٰ مہر انور مقامی میرج ہال میں منعقد ہوا، اجلاس کی صدارت چیئرمین مہر ویلفیئر سوسائٹی پاکستان چودھری سجاد مشتاق مہر نے کی، اجلاس کے مہمان خصوصی امیدوار سینئر نائب صدر ون یونٹی گروپ مہر محمد انیس آرائیں، دیگر مہمانان گرامی میں امیدوار برائے صدر ون یونٹی گروپ چیمبر آف کامرس اظہر اسلم، امیدواران ایگزیکٹو ممبرز چودھری زبیر اشرف، چودھری حبیب اللہ، انعام اللہ اپل، چودھری رومیل ارشد، حافظ طارق وڑائچ، چودھری محمد اختر، محمد حسن چودھری، حافظ عمیر، افتخار جنجوعہ، صدر ایم 7 گروپ اکرام کھوکھر، سابق صدر چیمبر آف کامرس عمر اشرف مغل، یوسی چیئرمین حمزہ، ملک ظہیر مظہر و دیگر تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سرپرست اعلیٰ مہر ویلفیئر سوسائٹی پاکستان مہر انور کا کہنا تھا کہ مہر ویلفیئر سوسائٹی کی طرف سے ون یونٹی گروپ کے تحفظات ختم کروانے میں وائس چیئرمین مہر ویلفیئر سوسائٹی پاکستان میاں سعود الحسن ڈار اور سابق صدر چیمبر عمر اشرف مغل نے مرکزی کردار ادا کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ مہر ویلفیئر سوسائٹی کو کسی قسم کے تحفظات کا سامنا ہو تو وہ ہمہ وقت حاضر ہیں۔

گوجرانوالہ: ڈپٹی کمشنر کا طوفانی بارش کے بعد نکاسی آب کے آپریشن کے جائزہ

اسسٹنٹ کمشنرز، واسا، میونسپل کمیٹیوں کے افسران اور ریسکیو 1122 کے اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت



گوجرانوالہ: ڈپٹی کمشنر محمد طارق قریشی بارش کے بعد نشیبی علاقوں سے واسا کی طرف سے نکاسی آب اور ٹریفک روانی برقرار رکھنے کیلئے اقدامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) ڈپٹی کمشنر گوجرانوالہ محمد طارق قریشی کا طوفانی بارش کے بعد نکاسی آب کے آپریشن کے جائزہ کے لیے شہر کے نشیبی علاقوں اور مرکزی شاہراہوں کا دورہ، واسا حکام کو مشینری اور فیلڈ عملہ نکاسی آب کے مکمل ہونے تک فیلڈ میں موجود رہنے کی ہدایت، تمام تحصیلوں میں ڈسپوزل سٹیشنز، نکاسی آب کی سرگرمیوں کی نگرانی کیلئے اسسٹنٹ کمشنرز کو متحرک رہنے کی ہدایت۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر نے شہر کے نشیبی علاقوں کا دورہ کیا اور بارشی پانی کے نکاس کے عمل کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ جن علاقوں میں زیادہ آمدورفت ہے ایسے علاقوں میں زیادہ مشینری (ڈی واٹرنگ، سکر مشینیں) لگائی جائیں تاکہ ان علاقوں میں مسائل درپیش نہ آئیں اور ٹریفک کی روانی کو بھی برقرار رکھی جاسکے۔ انہوں نے جی ٹی روڈ، ڈی سی روڈ، پیپلز کالونی، گوندلانوالہ روڈ، سیٹلائیٹ ٹاؤن، جناح سٹیڈیم، سول ہسپتال روڈ، کچہری روڈ اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا اور تمام اسسٹنٹ کمشنرز، واسا، میونسپل کمیٹیوں کے افسران اور ریسکیو 1122 کے اہلکاروں کو بھی ہدایت کی کہ وہ فیلڈ میں موجود رہیں اور مون سون کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تمام متعلقہ عملہ چوکس رہے۔

ماں بچے کی صحت پر بھی شہریوں کو موثر آگاہی دینا ضروری ہے، سیدہ رملہ علی

محکمہ بہبود آبادی کی ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت



جہلم: ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی محکمہ بہبود آبادی کی ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لینے کیلئے ڈسٹرکٹ آرڈیننیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کی ترقی کے لیے آبادی پر کنٹرول ضروری ہے جبکہ ماں بچے کی صحت پر بھی شہریوں کو موثر آگاہی دینا ضروری ہے یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے محکمہ بہبود آبادی کی ماہانہ کارکردگی کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں محکمہ بہبود آبادی کی جانب سے آبادی پر کنٹرول کے لئے مختلف اقدامات اور آگاہی پروگرامز پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ جس پر ڈپٹی کمشنر سیدہ رملہ علی نے محکمہ بہبود آبادی کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے اور شہریوں کے لئے مزید بہتر آگاہی فراہم کرنے کیلئے سوشل میڈیا، ڈور ٹو ڈور آگاہی اور تمام متعلقہ محکموں کی بہتر کوارڈینیشن پر زور دیا۔

تنخواہ نہ ملی: سول ہسپتال کی راہداریوں میں گندگی پھیل گئی

تنخواہ نہ ملنے کی وجہ سے مکان کا کرایہ نہ بجلی کا بل دے سکے، تنخواہ دی جائے، ملازمین

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو ماہ سے تنخواہ نہ ملنے پر سول ہسپتال میں عملہ صفائی نے جھاڑو چھوڑ ہڑتال کر دی سول ہسپتال میں صفائی نہ ہونے کی وجہ سے راہ داریوں میں کیچڑ اور گندگی پھیل گئی تفصیلات کے مطابق سول ہسپتال ڈسکہ میں کنٹریکٹ پر بھرتی کئے عملہ صفائی نے دو ماہ سے تنخواہیں نہ ملنے پر جھاڑو چھوڑ ہڑتال کر دی متاثرین کا کہنا تھا کہ کنٹریکٹ کے مطابق مہینے میں چار کی بجائے دو چھٹیاں دی جاتی ہیں تنخواہ نہ ملنے کی وجہ سے مکان کا کرایہ نہ بجلی کا بل دے سکے مالک مکان گھر خالی کروانے کی دھمکیاں دے رہے ہیں جائیں تو کہاں جائیں سپر وائزر الگ دھمکیاں دیتا ہے غریب لوگ ہیں اتنا نہ دبایا جائے متاثرین نے وزیر اعظم میاں شہباز شریف اور وزیر اعلی پنجاب مریم نواز سے اپیل کی ہے کہ ہمیں انصاف دیا جائے اور تنخواہوں کی ادائیگی کی جائے تاکہ ہم بھی سکون سے زندگی بسر کر سکیں

دوسالہ بچی چھت سے گر کر جاں بحق

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو سالہ بچی چھت سے گر کر جاں بحق چائلڈ پروٹیکشن آفیسر سیالکوٹ نے لواحقین کیخلاف مقدمہ درج کروا دیا چائلڈ پروٹیکشن آفیسر سیالکوٹ نے تھانہ صدر پولیس کو درخواست دی کہ موضع دھدو بسراء کی رہائشی دو سالہ بچی زویا جو کہ چھت پر گئی اور چھت سے گر کر جاں بحق ہوگئی اس کے گھر والوں سہیل نے غفلت و لاپرواہی کا مظاہرہ کیا ہے جس کی وجہ سے بچی کی جان چلی گئی پولیس نے ملزم سہیل کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

گوجرانوالہ ٹیچنگ ہسپتال باتھ رومز نے بھانڈا پھوڑ دیا

ناقص میٹیریل سے تعمیر کردہ سیوریج سسٹم لیک ہونے کی وجہ سے ہسپتال کی بنیادوں میں پانی داخل ہونے کی وجہ سے عمارت زمین بوس ہونے کا قوی امکان پیدا ہو گیا

گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) سابق وزیر اعلیٰ و سابق سیکرٹری ہیلتھ علی جان خان نے تعمیر و مرمت کے لئے گوجرانوالہ کا ٹھیکہ 87 کروڑ روپے میں مبینہ سفارشی ٹھیکیدار افتخار گھمن کو الاٹ کیا، سابق وزیر اعلیٰ و سابق سیکرٹری ہیلتھ کی مبینہ سفارشات پر ٹھیکہ حاصل کرنے والے ٹھیکیدار نے ہسپتال انتظامیہ کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے مختلف وارڈز اور سیوریج سسٹم کی تعمیر میں ویسج پیمانے پر ناقص میٹیریل کا استعمال کیا اور حالیہ بارشوں نے ٹھیکیدار و ہسپتال انتظامیہ کی ناقص چیک اینڈ بیلنس پالیسی کا پول کھول کر رکھ دیا ہے، تفصیلات کے مطابق شعبہ امراض قلب کی چھتوں میں دراڑیں پڑنے اور پینچنگ کے باعث ایکو کارڈیوگرافی مشین، آئر کنڈیشنر ناکارہ ہو چکے ہیں جبکہ ہسپتال مذکورہ میں سیوریج سسٹم بھی ناقص میٹیریل کے استعمال کی وجہ سے ناکارہ ہو چکا ہے اور بارشوں کا پانی ہسپتال عمارت کی بنیادوں میں داخل ہونا شروع ہو گیا ہے، جس کی وجہ سے کسی وقت بھی عمارت زمین بوس ہونے کے قوی امکانات پیدا ہو چکے ہیں، سیوریج سسٹم ناکارہ ہونے کی وجہ سے ہسپتال میں مقیم ڈاکٹروں کے اہل خانہ کو بھی شدید مشکلات کا سامنا درپیش ہے، تخمینہ ایک ارب روپے خرچ کئے جانے کے باوجود مطلوبہ نتائج برآمد نہ ہونے کے ردعمل میں سابق سیکرٹری ہیلتھ کے مبینہ حمایت یافتہ میڈیکل سپرنٹینڈنٹ زبان کھولنے سے قاصر ہیں جبکہ مبینہ سفارشی ٹھیکیدار کی ناقص کارکردگی کے خلاف دیگر ڈاکٹرز سراپا احتجاج ہو چکے ہیں، اس ضمن میں میڈیکل سپرنٹینڈنٹ ڈاکٹر ارشاد اللہ گورائیہ نے موقف بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ سابق سیکرٹری ہیلتھ علی جان خان، کمشنر نوید حیدر شیرازی نے ٹھیکیدار کے معاملات میں دخل اندازی کرنے سے منع کیا تھا، حکومتی خزانے کی خطیر رقم خرچ ہونے کے باوجود نتائج تسلی بخش نتائج حاصل نہ ہو سکے جبکہ ہسپتال کالونی میں مقیم ڈاکٹروں اور ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سمیت دیگر ملازمین نے وزیر اعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب اور سیکرٹری ہیلتھ سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے مبینہ سفارشی ٹھیکیدار کی ناقص کارکردگی کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

ڈسٹرکٹ زکوٰۃ و عشر کمیٹی کی جانب سے یوم زکوٰۃ منایا گیا اور ریلی نکالی گئی



حافظ آباد: یوم زکوٰۃ کے سلسلہ میں منعقدہ ریلی کی قیادت ڈسٹرکٹ زکوٰۃ آفیسر میاں ثناء اللہ کر رہے ہیں۔

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ زکوٰۃ و عشر کمیٹی کی جانب سے یوم زکوٰۃ منایا گیا اور ریلی نکالی گئی، جس کی قیادت ڈسٹرکٹ زکوٰۃ آفیسر میاں ثناء اللہ نے کی۔ تقریب میں دفتری عملے کے علاوہ ضلع بھر کے فیلڈ زکوٰۃ کلرکس نے بھی شرکت کی۔ میاں ثناء اللہ نے فیلڈ زکوٰۃ کلرکس کو مقامی زکوٰۃ کمیٹیوں میں مقامی ایڈمنسٹریٹرز کے تعاون سے شہریوں میں زکوٰۃ کی اہمیت اور تھکمانہ تقسیم زکوٰۃ میں شفافیت کے عمل کو اجاگر کرنے کی ہدایت جاری کیں۔ ان کا کہنا تھا کہ بنک اکاونٹس میں زکوٰۃ کی کٹوتی کا عمل تیزی سے متاثر ہوا ہے، جس سے زکوٰۃ فنڈ جمع کرنے میں تھکمانہ طور پر مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ صاحب حیثیت لوگوں پر زکوٰۃ فرض کی گئی ہے۔ زکوٰۃ کی ادائیگی سے مال پاک اور مال میں برکت اور اضافہ ہوتا ہے۔ معاشرے کے یتیموں بیواؤں اور بے سہارا افراد کی مدد کرنے اور معاشرتی توازن قائم رکھنے کے لیے زکوٰۃ فنڈ نہایت ضروری ہے۔

جامع صفائی کے پروگرام پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائیگا، ڈپٹی کمشنر



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے مشن کے مطابق دیہاتوں میں جامع صفائی کے پروگرام پر عملدرآمد کو یقینی بنایا مشینری اور ہیومین ریسورس کی کمی کے باوجود یونین کونسل لیول پر صفائی کا نظام بہتر کیا اور خصوصی ٹیمیں تشکیل دیں ضلع بھر میں سستے بازار قائم کر کے اسپیشل پرائس کنٹرول مجسٹریٹ کی ڈیوٹیاں لگائی ہیں غیر قانونی پٹرول پمپس کے خلاف بڑے پیمانے پر کارروائیاں جاری ہیں، ایک روز میں 89 غیر قانونی پٹرول پمپس کو سیل کیا ہے 24 گھنٹوں میں غیر قانونی پمپس اور ری فلنگ اسٹیشن بند کروائے گے۔ پٹرول کی قیمتوں میں کمی کے بعد اوور چارجنگ کے خلاف بھرپور کارروائیاں کرتے ہوئے مسافروں کو اضافی پیسے واپس کروائے۔ ڈپٹی کمشنر محمد آصف رضا کا کہنا ہے کہ ضلع کی بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری رہیں گے۔

چہلم حضرت امام حسین کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے ویڈیو لنک اجلاس



فیصل آباد: کمشنر سلوت سعید اور آر پی او ڈاکٹر عابد خاں چہلم حضرت امام حسین کے انتظامات کے حوالے سے ویڈیو لنک اجلاس میں شریک ہیں۔

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) چہلم حضرت امام حسین کے انتظامات کا جائزہ لینے کے لئے ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے صدارت کی۔ کمشنر سلوت سعید اور آر پی او ڈاکٹر محمد عابد خاں نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ کمشنر نے 26، اگست کے چہلم انتظامات بارے بریفنگ دی اور بتایا کہ تمام تر انتظامی و حفاظتی اقدامات مکمل کر لئے گئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ تمام روٹس کی سی سی ٹی وی کیمروں کے ذریعے مانیٹرنگ کی جائے گی، چہلم کے موقع پر متعلقہ محکمے الرٹ رہیں گے۔ آر پی او نے بتایا کہ امن و امان کے لئے تمام سٹیک ہولڈرز سے مشاورت کر لی گئی ہے۔

اوکاڑہ: انجمن تاجران نے جماعت اسلامی کی 28 اگست کو ہونیوالی ہڑتال کا اعلان کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) انجمن تاجران ضلع اوکاڑا نے جماعت اسلامی کی 28 اگست کو ہونیوالی ہڑتال کی حمایت کا اعلان کر دیا۔ گزشتہ دن نائب امیر جماعت اسلامی ضلع اوکاڑا چودھری رضوان احمد کی قیادت میں جماعت اسلامی کے تین وفد نے چیمبر مین انجمن تاجران ضلع اوکاڑا حاجی فیصل سے ملاقات کی تھی۔ وفد میں نائب امیر محمد فاروق شیخ اور سابق سٹی امیر ڈاکٹر برہان غنی بھی موجود تھے۔ آج صدر انجمن تاجران شیخ ریاض انور اور جنرل سیکرٹری عبدالوحید بھلر مشاورت کے بعد 28 اگست کو ہونیوالی ہڑتال کا مکمل اعلان کیا ہے۔ ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات ملک عادل اسلم نے کہا کہ انجمن تاجران ضلع اوکاڑا کی طرف سے ہڑتال کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اور امید کرتے ہیں دیگر تاجر برادری بھی ہڑتال کی حمایت کا اعلان کر کے اسے کامیاب بنائیں گے۔ اگر حکومت نے اوچھے ہتھکنڈے اپنائیں تو تین دن مزید ہڑتال ہوگی۔

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس ایسسمنٹ کمیٹی اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) فرخ عتیق خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ پرائس ایسسمنٹ کمیٹی اجلاس کا انعقاد۔ اجلاس میں تحصیل اوکاڑہ میں مارکیٹ ریٹس کو مدنظر رکھتے ہوئے 1 پٹرول پمپ، 1 پٹرول ڈپو، ویجگن سٹینڈ کی جگہ کے کمرشل ریٹس اور 5 سالہ عارضی کاشت سکیمز کے سالانہ ریٹس کا تعین کیا گیا۔ اجلاس میں تحصیل دیپالپور کے 69 موضع جات میں زرعی زمین کے ریٹس، تحصیل اوکاڑہ کی 5 جبکہ تحصیل رینالہ کی 1 ہاؤسنگ سوسائیٹز کی کنڈوینشن فیس کا بھی تعین کیا گیا، اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کامران بشیر ڈوگر، تینوں تحصیلوں کے اسسٹنٹ کمشنرز سمیت متعلقہ اداروں کے افسران بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر کیپٹن رفرخ عتیق خان نے کہا کہ زرعی و کمرشل رقبہ جات اور انڈسٹریل یونٹس کے ریٹس کے تعین کے لیے تمام قوائد و ضوابط کا خصوصی خیال رکھا جائے اور تمام اسسٹنٹ کمشنرز سرکاری ارانی کے ریٹس کے تعین کے سلسلہ میں متعلقہ جگہوں کے وزٹس بھی کریں اور ویلویشن ٹیبل کے مطابق ہاؤسنگ سوسائیٹز کی کنڈوینشن فیسوں کا تعین کریں۔

ٹرین مارچ اوکاڑہ پہنچنے پر جماعت اسلامی کے ضلعی امیر ڈاکٹر بابر رشید نے استقبال کیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پاکستان ریلوئے ایمپلائز (پریم) یونین کے زیر اہتمام ٹرین مارچ۔ ٹرین مارچ اوکاڑہ پہنچنے پر جماعت اسلامی کے ضلعی امیر ڈاکٹر بابر رشید نے استقبال کیا۔ ریلوے پریم یونین اور امیر جماعت اسلامی سمیت سینکڑوں کارکنان نے استقبال کیا۔ پریم یونین کے مرکزی صدر پاکستان ریلوئے (ایمپلائز) پریم یونین شیخ محمد انور نے خطاب کیا۔ ریلوئے قومی، دفاعی اور فلاحی ادارہ ہے۔ پاکستان کو 77 سالوں سے حکمرانوں نے اس ملک کا بیڑہ غرق کیا۔ ریلوئے کے موجودہ چیئرمین نے ریلوئے کے اندر مزدوروں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ ریلوئے مزدوروں نے شب و روز محنت کر کے اس سال تاریخ میں پہلی مرتبہ 68 ارب کی ریکارڈ آمدن کما کر دیا۔ باوجود چیئرمین ریلوئے نے نوٹیفکیشن جاری کیا کہ 50 فیصد ٹی ایل اے ملازمین کو نوکریوں سے فار

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیٹ کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

خوارج اور افغان حکومت، ن لیگ اور پیپلز پارٹی آمنے سامنے!!!!!!

چند روز قبل افغان حکومت کے ترجمان ذبیح اللہ نے حکومت پاکستان اور تحریک طالبان پاکستان کے مابین ثالثی کی پیشکش کا بیان جاری کیا تھا۔ یہ جانتے ہوئے بھی کہ دہشت گردوں کا یہ گروہ پاکستان میں آئین خراب کرنے کی کارروائیوں میں ملوث ہے اور پاکستان میں نیچے شہریوں کو نشانہ بنا رہا ہے۔ افغان حکومت کے ترجمان نے اسے پاکستان کا اندرونی معاملہ قرار دیا جاتا ہے کہ پاکستان متعدد بار سفارتی سطح پر افغانستان حکومت کے سامنے یہ معاملہ اٹھا چکا ہے کہ تحریک طالبان پاکستان کے شرپسند، دہشت گرد اور امن دشمن خوارج افغان سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال کررہے ہیں اور افغان حکومت ان کارروائیوں سے بخوبی واقف ہے۔ پاکستان کی طرف سے بار بار اس حوالے افغان حکومت کو کارروائی کے لیے کہا گیا تاہ دونوں ملکوں کے مابین تعلقات خراب نہ ہوں اور نتیجے میں پاکستا ن مخالف قوتیں کامیاب نہ ہوسکیں لیکن افسوسناک امر یہ ہے افغانستان میں طالبان کی حکومت نے ٹی ٹی پی کے دہشتگردوں کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی۔ یہ سب لکھنے کا مقصد افغان حکومت کو یاد دلانا تھا کہ ان شرپسندوں کے خلاف پاکستان کے دفاعی ادارے متحرک ہیں اور دہشتگردوں کا قلع قمع کررہے ہیں۔

گذشتہ روز بھی مہمند پختونخوا کے ضلع باجوڑ میں سیکیورٹی فورسز نے پاک افغان بارڈر پر خوارج کی طرف سے راہداری کے لیے استعمال ہونے والی ایک سرنگ کو تباہ کیا۔ افغان خوارج کے پانچ دہشتگردوں کو جہنم واصل کیا گیا۔ یہ کالعدم تنظیم ایسی خبروں سے لاعلم اور ناواقف ہے۔ یہ وہ خوارج ہیں جن کو تعلیق براہ راست افغانستان سے ہے اور انہیں ہر طرح کی مدد افغانستان میں بیٹھے امن دشمن کررہے ہیں۔ ان امن دشمنوں کا خاتمہ ناصرف پاکستان بلکہ افغانستان میں پائیدار امن کے لیے بھی ضروری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ضلع باجوڑ میں گذشتہ دنوں پاک افغان بارڈر پر خوارج کے ایک گروپ کی نقل و حرکت کی بھنک ملی۔ سیکیورٹی فورسز نے مشترکہ طور پر خوارج کے تعاقب میں وہ خاص آپریشن کیا جس سے وہ بلیدلوگ انجام کو پہنچے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق شہید ہونے والے دو اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ ان کی قربانی کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا۔ پاکستان افغان حکومت سے کہتا رہا ہے کہ ان کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال نہ ہو لیکن افسوس کہ افغان حکومت نے اس حوالے سے کوئی ٹھوس اقدامات نہیں کیے۔ اس کا نتیجہ ہے کہ پاکستان کے اندر دہشتگردی کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے۔ اس کا ایک نتیجہ یہ بھی نکلا ہے کہ پاکستان کے اندر افغان مہاجرین کے خلاف نفرت پھیلانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ایسے عناصر کی سرکوبی وقت کی ضرورت ہے۔ ان میں کچھ لوگ ہیں جو افغان مہاجرین کے سہارے اپنی سیاست چمکانا چاہتے ہیں۔ ایسے عناصر کی بھی سرکوبی ضروری ہے۔ پاکستان کی سیاسی قیادت کو اس حوالے سے بھی سوچنا ہوگا۔

آئی ٹی پارک اہم سنگ میل، بلاتاخیر تکمیل کی ضرورت

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے آئی ٹی شعبے کے حوالے سے تمام اقدامات کو معیعد مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ 25 ارب ڈالر کی آئی ٹی برآمدات کے ہدف کو حاصل کرنے کیلئے آئی ٹی پارک ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ وزیر اعظم نے جدید ٹیکنالوجی شعبے کے منصوبوں اور ڈیجیٹل آرکیٹیکچر پر جاری اقدامات کا جائزہ لیا۔ وزیر اعظم نے آئی ٹی شعبے کے حوالے سے تمام اقدامات کو معیعدمدت میں مکمل کرنے کی ہدایت کی۔

آئی ٹی شعبہ ترقی دینا ہمیں اور پاکستان میں فروغ پارہی ہے، 25 ارب ڈالر ہدف اس کے سامنے غیر معمولی نہیں ہے۔ یہ نہ صرف آسانی سے حاصل کیا جاسکتا ہے بلکہ اس کو عبور کرنا بھی ممکن ہے۔ اس کے لیے حکومت کو مطلوبہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ اس کو عبور کرنا بھی ممکن ہے۔ اس کے لیے حکومت کو مطلوبہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ اب تک کی آئی ٹی پارک کے حوالے سے پیش رفت حوصلہ افزا ہے۔ وزیر اعظم کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ آئی ٹی پارک کے منصوبے پر کام تیزی سے جاری ہے، کوربن کمپنی نے آئی ٹی پارک کی تکمیل کی مدت کو جون 2025ء سے کم کرکے فروری 2025ء کردیا ہے۔ اسلام آباد، ڈیجیٹل سمارٹ سٹیز کے پائلٹ پراجیکٹ کا اجراء کیا جارہا ہے، موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے شہریوں کو حکومتی و انتظامی خدمات جنمل، سیٹیل ڈیجیٹمنٹ اتھارٹی، اسلام آباد پولیس، صحت اور تعلیم سمیت 150 سروسز مہیا کی جارہی ہیں۔ حکومتی اقدامات کی بدولت گزشتہ برس کی نسبت آئی ٹی برآمدات میں 30 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، 2 لاکھ پانچ ہزار طلباء آئی ٹی سکلز کے پروگرام میں تربیت کیلئے رجسٹرڈ ہوئے، 4 نئے انکیوبیشن سینٹرز کا اجراء کیا گیا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ آئی ٹی پارک کی تکمیل کی مدت کو جون 2025ء سے کم کرکے فروری 2025ء کردیا ہے۔ اسلام آباد سے ڈیجیٹل سمارٹ سٹیز کے پائلٹ پراجیکٹ کا اجراء کیا جارہا ہے، موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے شہریوں کو حکومتی و انتظامی خدمات جنمل، سیٹیل ڈیجیٹمنٹ اتھارٹی، اسلام آباد پولیس، صحت اور تعلیم سمیت 150 سروسز مہیا کی جارہی ہیں۔ حکومتی اقدامات کی بدولت گزشتہ برس کی نسبت آئی ٹی برآمدات میں 30 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، 2 لاکھ پانچ ہزار طلباء آئی ٹی سکلز کے پروگرام میں تربیت کیلئے رجسٹرڈ ہوئے، 4 نئے انکیوبیشن سینٹرز کا اجراء کیا گیا۔

وزیر اعظم نے کہا کہ آئی ٹی پارک کی تکمیل کی مدت کو جون 2025ء سے کم کرکے فروری 2025ء کردیا ہے۔ اسلام آباد سے ڈیجیٹل سمارٹ سٹیز کے پائلٹ پراجیکٹ کا اجراء کیا جارہا ہے، موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے شہریوں کو حکومتی و انتظامی خدمات جنمل، سیٹیل ڈیجیٹمنٹ اتھارٹی، اسلام آباد پولیس، صحت اور تعلیم سمیت 150 سروسز مہیا کی جارہی ہیں۔ حکومتی اقدامات کی بدولت گزشتہ برس کی نسبت آئی ٹی برآمدات میں 30 فیصد کا اضافہ ہوا ہے، 2 لاکھ پانچ ہزار طلباء آئی ٹی سکلز کے پروگرام میں تربیت کیلئے رجسٹرڈ ہوئے، 4 نئے انکیوبیشن سینٹرز کا اجراء کیا گیا۔

دنیا تیزی سے آئی ٹی پر منتقل ہورہی ہے، اس کے لیے انٹرنیٹ کی بنیادی اہمیت ہے۔ انٹرنیٹ اب صرف انٹرٹینمنٹ کے لیے ہی استعمال نہیں ہوتا بلکہ یہ زندگی کے ہر شعبے کی ضرورت بن چکا ہے۔ ایجوکیشن سے لے کر ہیلتھ تک ہر شعبے میں انٹرنیٹ کا استعمال ہوتا ہے۔ معمولی قسم کے اداروں سے لے کر بڑے بڑے اداروں تک انٹرنیٹ کا استعمال ہوتا ہے۔ ہمارے ہاں بھی انٹرنیٹ کی رفتار بہت سست ہے۔ ہم نے ممالک میں کرنسی کا استعمال ختم ہو کر رہ گیا۔ پاکستان میں بھی آن لائن بینکاری کا گھر گھر فروغ پا رہا ہے۔ زندگی میں آسانی اور ملک کی ترقی و خوشحالی کے لیے جس طرح ازحد ضروری ہے اتنا ہی انٹرنیٹ بھی آج کی ضرورت ہے۔ آج کل انٹرنیٹ کی سپیڈ ایک مسئلہ بن چکی ہے۔ پاکستان میں سیاسی اور معاشی عدم استحکام ایک "مقابلے" کی حالت میں ہے، دونوں ایک دوسرے سے بڑھ کر ملک کو اپنی لپیٹ میں لے رہے ہیں۔ جھوٹ اور گمراہ کن پراپیگنڈا کیا جاتا ہے جس سے وطن عزیز کی بنیادوں میں لرزش محسوس کی جاتی ہے۔ کچھ لوگ آئی ٹی کا غلط استعمال کرتے ہیں۔ سوشل میڈیا کے ذریعے ادارہ اور کے خلاف نفرت پھیلانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ ایسے عناصر کی سرکوبی وقت کی ضرورت ہے۔ ان میں کچھ ملک سے باہر بھی موجود ہیں۔ نفرتیں اور فضیلتیں کے سدباب کے لیے فازوں کا استعمال کیا جارہا ہے۔ میڈیو طور پر اس 40 ارب روپے کے اخراجات آئے ہیں۔ کیا جاتا ہے کہ اس کی وجہ سے انٹرنیٹ سلو ہے اور ملک بھر میں آئی ٹی سے متعلقہ کاروبار شدید بحران سے دوچار ہیں۔

ذرائع مملکت برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی شزا فاطمہ خواجہ نے انٹرنیٹ کو بندار اس کی رفتار کم کرنے کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وی پی این کے بڑھتے ہوئے استعمال سے مسئلہ ہوا۔ گزشتہ روز صحافیوں کے ساتھ غیر رسمی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وی پی این کی وجہ سے انٹرنیٹ کی سپیڈ سلو ہوئی ہے، اس سے آئی ٹی سے وابستہ لوگ افراد کا روزگار متاثر ہوا ہے، انٹرنیٹ کے ذریعے چلنے والے کاروباروں میں آئی ٹی کی کیٹیگری میں آتے ہیں، انٹرنیٹ کے ذریعے چلنے والے کاروباروں میں آئی ٹی کی کیٹیگری میں آتے ہیں، انٹرنیٹ کے ذریعے چلنے والے کاروباروں میں آئی ٹی کی کیٹیگری میں آتے ہیں۔



ایک اور پاکستانی ایتھلیٹ نے عالمی مقابلے میں گولڈ میڈل جیت لیا

انٹرنیشنل ایتھلیٹ 23 سالہ معید بلوچ نے 400 میٹرز کی دوڑ میں اول پوزیشن حاصل کی۔ کراچی کے علاقے شانتی نگر کے رہائشی معید بلوچ پہلے ہی 200 میٹرز اور 400 میٹرز کے قومی چیمپئین ہیں

وینزویلا (این این آئی) پاکستان کے باصلاحیت ایتھلیٹ معید بلوچ نے ورلڈ ملٹری گیمز میں 400 میٹر کی دوڑ جیت کر گولڈ میڈل اپنے نام کرلیا۔ وینزویلا میں جاری ورلڈ ملٹری گیمز میں پاکستان کی نمائندگی کرنے والے پاکستان ائیر فورس (پی اے ایف) کے انٹرنیشنل ایتھلیٹ 23 سالہ معید بلوچ نے 400 میٹرز کی دوڑ میں اول پوزیشن حاصل کی۔ کراچی کے علاقے شانتی نگر کے رہائشی معید بلوچ پہلے ہی 200 میٹرز اور 400 میٹرز کے قومی چیمپئین ہیں۔ ایشین جونیئر ایتھلیٹکس چیمپئین شپ 2018 میں سو میٹرز کی دوڑ جیت کر تیز ترین ایتھلیٹ قرار پانے والے معید بلوچ متعدد انٹرنیشنل ایونٹس میں پاکستان کے لیے فتوحات حاصل کر چکے ہیں۔ یاد رہے کہ پیرس میں ہونے والی المپکس میں پاکستان کے مایہ ناز ایتھلیٹ ارشد ندیم نے جیولین تھرو میں نہ صرف ورلڈ ریکارڈ قائم کیا جبکہ پاکستان کو 40 سالوں کے بعد گولڈ میڈل بھی جیت کر دیا۔ ان کی شاندار کامیابی پر پاکستان بھر سے انہیں تحفے اور تحائف ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔

ڈی۔ٹی۔او سیالکوٹ ملک عطاء اللہ کی زیر سربراہی سیفٹی رولز آگاہی سیمینار ہوا

طلباء کو روڈ کراسنگ، روڈ سیفٹی کے اصولوں سے روشناس کروایا گیا، ڈاکٹر شفقت رسول



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ اور ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ کی خصوصی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر سیالکوٹ ملک عطاء اللہ کی زیر نگرانی ٹریفک ایجوکیشن ونگ سیالکوٹ کے انچارج ڈاکٹر سید شفقت رسول نے گورنمنٹ ہائی سکول رسولپور بھلیاں سیالکوٹ میں روڈ سیفٹی اور ٹریفک آگاہی مہم کے سلسلے میں ٹریفک ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا جس میں خاص طور پر طلباء کو روڈ کراسنگ اور روڈ سیفٹی کے اصولوں سے روشناس کروایا گیا۔ دوران ڈرائیونگ ہیلمٹ کے استعمال اور ون ویلنگ کے نقصان بارے بریف کیا گیا۔ طلباء کو بتایا کہ ون ویلنگ ایک جان لیوا کھیل ہے اس سے اجتناب کیا جائے۔ اس ورکشاپ کا انعقاد شمشیر احمد ورک پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول رسول پور بھلیاں، اور ایڈمن غلام حسن صاحب نے کیا۔ اس موقع پر محمد بوٹا SST، سعید احمد EST، حافظ محمد سرور اور پرنسپل نے ٹریفک ایجوکیشن ونگ ٹیم کا شکریہ ادا کیا۔

سلور میڈل جیتنے والی چینی لڑکی ریسٹورنٹ میں کام کیوں کر رہی ہے؟

کامیابی کے باوجود روزمرہ کی زندگی میں عاجزانہ طبیعت نے لوگوں کے دل جیت لئے



بیجنگ (ویب ڈیسک) حال ہی میں ختم ہونے والے پیرس اولمپکس میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی چینی جمناسٹ نے اپنے ریسٹورنٹ میں دوبارہ کام شروع کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق سلور میڈل جیتنے کے چند ہی دن بعد 18 سالہ چینی جمناسٹ ژوکن کو ہنان صوبے کے شہر ہینگیانگ میں اپنے خاندان کے ریسٹورنٹ میں مدد کرتے ہوئے دیکھا گیا۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں ژوکو اولمپک یونیفارم پہن کر لوگوں کو کھانا پیش کرتے دیکھا جاسکتا ہے، جس نے سوشل میڈیا صارفین کے دل موہ لئے۔ چینی جمناسٹ کم عمر ایتھلیٹ میں سے ایک تھیں جنہوں نے پیرس اولمپکس میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا تھا۔ ژوچین کی خواتین کی جمناسٹک ٹیم کا حصہ تھی، جس نے پیرس اولمپکس میں دو چاندی کے تمغے حاصل کئے تھے، اولمپک میں کامیابی کے باوجود روزمرہ کی زندگی میں اس کی عاجزانہ طبیعت نے لوگوں کے دل جیت لئے۔ ویڈیو میں چینی ایتھلیٹ نے اولمپک کا ہی یونیفارم پہنا ہوا ہے۔

امام الحق نے اہلیہ کے ہمراہ خوبصورت تصاویر شیئر کر دیں

اسلام آباد (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے کھلاڑی امام الحق نے سوشل میڈیا پر اہلیہ انمول محمود کے ہمراہ نئی تصویریں شیئر کی ہیں۔ امام الحق نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپلیکیشن انسٹاگرام پر نئی پوسٹ شیئر کرتے ہوئے اہلیہ سے محبت کا اظہار کیا ہے۔ کرکٹر نے 3 تصاویر پر مبنی نئی پوسٹ کے کیپشن میں لکھا ہے کہ زندگی میں اتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں اور زندگی چلتی رہتی ہے، میرے پہلو میں یہ حیرت انگیز خاتون ہر مشکل چیز کو آسان اور خوبصورت بنا دیتی ہے، میری چٹان اور میرا سہارا۔ امام الحق کی جانب سے شیئر کی گئی تصویروں میں اس خوبصورت جوڑے کو خوش گوار موڈ میں سیلفی کے لیے پوز دیتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ پوسٹ کے کمنٹ باکس میں مداح اس خوبصورت جوڑی کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کر رہے ہیں۔

اوپنر امام الحق ڈراپ کیوں؟

محمد ہریرہ جیسے ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کو مواقع دینا چاہتے' شان مسعود

راولپنڈی (این این آئی) قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے اوپنر امام الحق کی جگہ صائم ایوب کو کھلانے کی اہم وجہ بتادی اور کہا کہ محمد ہریرہ جیسے ابھرتے ہوئے کھلاڑیوں کو مواقع دینا چاہتے ہیں اور ہریرہ کو جلد موقع فراہم کریں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے قومی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شان مسعود نے بنگلا دیش 'اے' کے خلاف ڈبل سنچری اسکور کرنے والے محمد ہریرہ کی عدم شمولیت، صائم ایوب کو برقرار رکھنے سمیت امام الحق کو آرام دیے جانے پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ صائم ایوب نے آخری ٹیسٹ میچ کی دوسری اننگز میں اپنی صلاحیت کا مظاہرہ کیا تھا۔

مکسڈ مارشل آرٹس ایشین چمپئین شپ کے مقابلوں میں

10 پاکستانی فائٹر سیمی فائنل میں پہنچ گئے



لاہور (شہروز میاں سے) پاکستان میں ہونے والے تاریخی ایونٹ مکسڈ مارشل آرٹس ایشین چمپئین شپ کے مقابلوں میں 10 پاکستانی فائٹر سیمی فائنل میں پہنچ گئے جو کل اپنے حریفوں کے مد مقابل آئیں گے۔ انٹرنیشنل مکسڈ مارشل آرٹ کے زیر اہتمام پاکستان میں پہلی بار مکسڈ مارشل آرٹس ایشین چمپئین شپ کا انعقاد جاری ہے جس میں 16 ممالک کے 180 فائٹرز مدمقابل ہیں۔ ان مقابلوں میں حصہ لینے کے لیے 13 رکنی بھارتی مکسڈ مارشل آرٹس کی ٹیم بھی پاکستان آئی ہوئی ہے۔ اس بارے میں پاکستانی مکسڈ مارشل آرٹس فیڈریشن کے صدر عمر احمد کا کہنا تھا کہ پاکستان میں اتنی بڑی سطح پر مکسڈ مارشل آرٹس کا ایونٹ کرانا آسان کام نہیں تھا اس کام کے لیے انہوں نے اپنی ٹیم کے ساتھ مل کر بھرپور جدوجہد کی جس سے پاکستان میں اس تاریخی ایونٹ کا انعقاد ممکن ہو سکا۔ انہوں نے کہا کہ مکسڈ مارشل آرٹس ایشین چمپئین شپ کے انعقاد کے لیے چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود کا خصوصی تعاون حاصل رہا اور ریاستی اداروں نے بھی اس کھیل کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کیا۔

پاک بنگلہ دیش دوسرے ٹیسٹ کیلئے ٹکٹوں کی قیمتوں کا اعلان

'آسانی سے اور سستے ملنے کے طریقے بھی بتا دیئے گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان دوسرے ٹیسٹ میچ کے لیے ٹکٹوں کی قیمتوں کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پاکستان اور بنگلہ دیش کے درمیان 30 اگست سے 3 ستمبر تک راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ہونے والے دوسرے ٹیسٹ میچ کے لیے ٹکٹوں کی قیمتوں کا اعلان کیا ہے۔ راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں پریمیم انکلوژرز کے ٹکٹ 200 روپے، وی آئی پی 500 روپے میں دستیاب ہوں گے، جبکہ ویک اینڈ پر اس ٹکٹ کی قیمت 600 روپے ہوگی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ کا کہنا ہے کہ زیادہ سے زیادہ شائقین کرکٹ کو اسٹیڈیم میں پہنچنے کا موقع دینے کے لیے ٹکٹوں کی قیمتیں کم رکھی گئی ہیں۔ پی سی بی کے مطابق ٹکٹ بورڈ کی ویب سائٹ PCB.tcs.com.pk سے آن لائن خریدے جاسکتے ہیں، اس کے علاوہ ایوی ایشن گراؤنڈ میں واقع ٹکٹ بوتھ یا نامزد ٹی سی ایس برانچز سے بھی ٹکٹ حاصل کرنے کی سہولت موجود ہے۔

پاکستانی اسنوکر پلیئر شہرام چنگیزی کا امریکا میں شاندار کارنامہ

واشنگٹن (این این آئی) پاکستانی اسنوکر پلیئر شہرام چنگیزی امریکا میں 147 کا بریک کھیلنے والے پہلے کیوئیسٹ بن گئے ہیں۔ شہرام چنگیزی نے ایمبیسی اوپن سے قبل پریکٹس میچ میں 147 کا بریک کھیلا، یہ امریکا میں کسی بھی لیول پر ریکارڈ ہونیوالا پہلا 147 کا بریک ہے۔ شہرام چنگیزی نے یہ بریک سابق پاکستان رینکنگ پلیئر فرحان ادریس کے خلاف پریکٹس میچ میں کھیلا، شہرام کے بریک کا دورانیہ تقریباً 10 منٹ رہا۔

پاک بنگلا دیش ٹیسٹ سیریز: 4 ہزار سے زائد اہلکار سیکیورٹی پر تعینات

روٹ اور اسٹیڈیم کے اطراف چھتوں پر ماہر نشانہ باز (اسنائپر) تعینات کیے گئے ہیں' سی پی او راولپنڈی

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور بنگلا دیش کی ٹیسٹ سیریز کے لیے 4 ہزار سے زائد پولیس افسران اور اہلکاروں کو سیکیورٹی ڈیوٹی پر تعینات کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے سی پی او راولپنڈی خالد ہمدانی نے کہا ہے کہ راولپنڈی پولیس کے 4 ہزار سے زائد افسران اور اہلکار سیکیورٹی ڈیوٹی دے رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ٹریفک انتظامات کیلئے 350 سے زائد ٹریفک پولیس افسران تعینات ہیں جبکہ روٹ اور اسٹیڈیم کے اطراف چھتوں پر ماہر نشانہ باز (اسنائپر) تعینات کیے گئے ہیں۔ سی پی او راولپنڈی کا کہنا ہے کہ کرکٹ اسٹیڈیم اور گردونواح میں 99 اسپیشل پکٹس لگائی گئی ہیں، کرکٹ ٹیموں کے روٹ پر سی سی ٹی وی کیمروں سے مانیٹرنگ کی جارہی ہے۔

پاک بنگلا دیش پہلا ٹیسٹ گیلی آؤٹ فیلڈ کے باعث تاخیر کا شکار ہو گیا

بارش کا سلسلہ رکنے کے بعد گراؤنڈز مین نے آؤٹ فیلڈ سکھانا شروع کر دی ہے' امپائر پچ کا معائنہ کرینگے

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان کھیلا جانے والا پہلا ٹیسٹ میچ گیلی آؤٹ فیلڈ کی وجہ سے تاخیر کا شکار ہو گیا۔ پاکستان اور بنگلا دیش کے درمیان ٹیسٹ سیریز کا پہلا میچ صبح 10 بجے شروع ہونا تھا تاہم راولپنڈی میں تیز بارش کے باعث ٹاس میں تاخیر ہوئی ہے۔ بارش کا سلسلہ رکنے کے بعد گراؤنڈز مین نے آؤٹ فیلڈ سکھانا شروع کر دی ہے اور امپائر پچ کا معائنہ کرنے میں مصروف ہیں۔ دوسری جانب پاکستان اور بنگلا دیش کے کھلاڑیوں نے وارم اپ شروع کر دیا ہے۔ پہلے ٹیسٹ میچ کے لیے پاکستان پلیئنگ الیون میں عبداللہ شفیق، صائم ایوب، شان مسعود (کپتان)، بابر اعظم، سعود شکیل (نائب کپتان)، محمد رضوان (وکٹ کیپر)، سلمان علی آغا، شاہین شاہ آفریدی، نسیم شاہ، خرم شہزاد اور محمد علی شامل ہیں۔

پی سی بی نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے حوالے سے غلط رپورٹنگ کی وضاحت کر دی

کل کی میڈیا بات چیت سے پی سی بی کے چیئرمین محسن نقوی کے تبصروں کو غلط طریقے سے پیش کیا



لاہور (شہروز میاں سے) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے حوالے سے غلط رپورٹنگ کی وضاحت کر دی۔ پاکستان کرکٹ بورڈ نے واضح طور پر ان حالیہ میڈیا رپورٹس کی تردید کی ہے جن میں کہا گیا ہے کہ پاکستان میں آئندہ سال ہونے والی آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی تاریخیں دوبارہ شیڈول کی جاسکتی ہیں۔ پی سی بی کا کہنا ہے یہ مایوس کن ہے کہ کچھ میڈیا آؤٹ لیٹس نے کل کی میڈیا بات چیت سے پی سی بی کے چیئرمین محسن نقوی کے تبصروں کو غلط طریقے سے پیش کیا ہے اور سیکیورٹی خدشات کی وجہ سے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی تاریخوں میں ممکنہ تبدیلی کے بارے میں گمراہ کن طور پر حوالہ دیا ہے۔ اس طرح غیر ضروری سنسنی خیزی کو جنم دیا گیا ہے۔ پی سی بی کے مطابق میڈیا ٹاک کے دوران، جو پی سی بی کے آفیشل یوٹیوب چینل پر دستیاب ہے، پی سی بی کے چیئرمین نے واضح طور پر کہا کہ آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی میزبانی کے لیے تیاری کو یقینی بناتے ہوئے، تینوں اسٹیڈیمز کی دوبارہ تعمیر اور دوبارہ ڈیزائن کو شیڈول کے مطابق مکمل کیا جائے گا۔



کنول آفتاب نے اقراء کنول کی شادی میں شرکت نہ کرنے کی وجہ بتادی

میرے شوہر ذوالقرنین میں 3 سال کا فرق ہے، میرے شوہر مجھ سے 3 سال بڑے ہیں



لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی معروف یوٹیوبر، کانٹینٹ کری ایٹر و اداکارہ کنول آفتاب نے ساتھی کانٹینٹ کری ایٹر و یوٹیوبر اقراء کنول کی شادی میں شرکت نہ کرنے کی وجہ بتائی ہے۔ گزشتہ روز کنول آفتاب نے اپنے انسٹاگرام اکاؤنٹ پر مداحوں و فالوورز کے ساتھ سوال و جواب کا سیشن رکھا۔ اس سیشن کے دوران کنول آفتاب نے پوچھے گئے متعدد سوالات کے مختصر جواب دیے۔ اداکارہ نے بتایا کہ مجھے پھلوں میں آم اور سبزیوں میں کریلے پسند ہیں۔ انہوں نے سی سیکشن کے بعد وزن کم کرنے سے متعلق پوچھے گئے سوال پر مداح کو مشورہ بھی دیا۔ کنول آفتاب نے اقراء کنول کی شادی میں شرکت نہ کرنے کی وجہ بتا دی۔ کنول آفتاب نے اقراء کنول کی شادی میں شرکت نہ کرنے کی وجہ بتا دی حال ہی میں مہنگی ترین گاڑی خریدنے والی ٹک ٹاکر کنول آفتاب نے بتایا کہ میں اب مزید گاڑیاں اور گھر خریدنے کا ارادہ نہیں رکھتی، عمرے کے لیے دوبارہ اُس وقت جاؤں گی جب اللہ بلائے گا۔ سسٹر ولوجی کے نام سے مشہور اقراء کنول اور اریب کی شادی میں شرکت نہ کرنے سے متعلق پوچھے گئے سوال کے جواب میں اداکارہ نے بتایا کہ 'مجھے اقراء کنول نے مدعو ہی نہیں کیا تھا۔

اردو ادب کے عظیم شاعر احمد فراز کی

16 ویں برسی 25 اگست کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) اردو ادب کے عظیم شاعر احمد فراز کی 16 ویں برسی 25 اگست کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت ملک بھر کے ادبی حلقوں میں تعزیتی دیگر تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں احمد فراز کی ادبی خدمات کو خراج عقیدت پیش کیا جائے گا احمد فراز 25 اگست 2008ء کو انتقال کر گئے تھے۔ احمد فراز 14 جنوری 1931 کو پشاور میں پیدا ہوئے تھے دوران تعلیم انہوں نے اپنا پہلا شعری مجموعہ تنہا تنہا لکھا تھا۔ احمد فراز کے مجموعہ کلام میں تنہا تنہا، درد آشوب، بے آواز گلی کوچوں میں، نابینا شہر میں آئینہ، نایافت، خواب گل پریشاں ہیں، جاناں جاناں، غزل بہانہ کروں اور دیگر قابل ذکر ہیں۔

مزاحیہ اداکار جمشید انصاری کی 19 ویں برسی 24 اگست کو منائی جائے گی

مکوآنہ (این این آئی) ٹی وی کے معروف مزاحیہ اداکار جمشید انصاری کی 19 ویں برسی 24 اگست کو منائی جائے گی۔ جمشید انصاری 31 دسمبر 1942 کو بھارت کے شہر سہارن پور میں پیدا ہوئے، وہ چھ برس کے تھے کہ ان کا خاندان بھارت سے ہجرت کر کے کراچی منتقل ہو گیا۔ وہ گریجوایشن کرنے کے بعد برطانیہ چلے گئے جہاں انہوں نے کچھ عرصہ برطانوی نشریاتی ادارے میں کام کیا اور ٹی وی پروڈکشن کے کورسز بھی کیے۔ 1968 میں وطن واپس آ کر انہوں نے ٹی وی ڈراموں میں کام شروع کر دیا اور اپنے کیریئر کا آغاز ڈرامہ جھروکے سے کیا۔ انہوں نے کیریئر میں دو سو کے قریب ٹی وی ڈراموں اور فلموں میں اداکاری کے جوہر دکھائے۔

شرمندگی سے سر اُٹھا کر نہیں چل سکتا، کولکتہ ریپ کیس پر متھن بھی بول پڑے

ممبئی (این این آئی) بھارت کے سینیئر اداکار متھن چکرورتی نے بھی کولکتہ میں بہیمانہ جنسی زیادتی کے بعد قتل ہونے والی خاتون ڈاکٹر کے لیے انصاف کا مطالبہ کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق متھن چکرورتی نے بنگالی زبان میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میں کئی جگہوں پر کئی بار کہہ چکا ہوں کہ آنے والے دنوں میں مغربی بنگال کے حالات مزید خراب اور خوفناک ہو جائیں گے۔ متھن چکرورتی نے کولکتہ ریپ کیس پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس ہولناک واقعے کے بعد، میں بنگالی ہونے کی حیثیت سے سر اٹھا کر نہیں چل سکتا۔ سینیئر اداکار نے کہا کہ اس خوفناک واقعے کا شکار ہونے والی خاتون ڈاکٹر کے اہلخانہ کے ساتھ میری دلی تعزیت ہے۔

فلم 'دی لیجنڈ آف مولاجٹ' اگلے ماہ بھارت میں ریلیز ہوگی

فلم 'دی لیجنڈ آف مولاجٹ' کو بھارت میں ممکنہ طور پر زی اسٹوڈیوز ریلیز کرے گا



لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان کی بلاک بسٹر فلم 'دی لیجنڈ آف مولاجٹ' اگلے ماہ بھارتی سینما گھروں میں ریلیز کی جائے گی۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق جیو فلمز کی پیشکش، انسائیکلو میڈیا اور لاشاری فلمز کی شاہکار فلم 'دی لیجنڈ آف مولاجٹ' اگلے ماہ 20 ستمبر کو بھارتی سینما گھروں میں پیش کی جائے گی۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ فلم 'دی لیجنڈ آف مولاجٹ' کو بھارت میں ممکنہ طور پر زی اسٹوڈیوز ریلیز کرے گا۔ یاد رہے کہ اس سے قبل بھارت میں یہ فلم دسمبر 2022ء میں ریلیز ہونے والی تھی لیکن انتہا پسند ہندو گروپس اور مہاراشٹر نونرمان سینا (ایم این ایس) کی شدید مخالفت کی وجہ سے اس فلم کی ریلیز کو منسوخ کرنا پڑا۔ واضح رہے کہ فلم 'دی لیجنڈ آف مولاجٹ' 13 اکتوبر 2022ء کو دنیا بھر میں ریلیز ہوئی تھی اور اس فلم نے باکس آفس پر غیر معمولی کامیابی حاصل کی تھی۔

فیروز خان نے اہلیہ کے ہمراہ رومانٹک ویڈیو شیئر کر دی

فیروز خان کی اسٹوری میں نوبیاہتا جوڑے کو خوشگوار موڈ میں دیکھا جاسکتا ہے



کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان کے معروف اداکار فیروز خان نے دوسری اہلیہ ڈاکٹر زینب کے ہمراہ سوشل میڈیا پر رومانوی ویڈیو شیئر کر دی ہے جسے فینز کی جانب سے سراہا جا رہا ہے۔ فیروز خان کی اسٹوری میں نوبیاہتا جوڑے کو خوشگوار موڈ میں دیکھا جا سکتا ہے۔ اسٹوری میں فیروز خان کی اہلیہ نے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہوئے خوبصورت الفاظ بھی لکھے ہیں۔ دوسری جانب اداکار فیروز خان نے اہلیہ کی جانب سے شیئر کی گئی اس انسٹاگرام پوسٹ کو اسٹوری پر ری شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں ماشااللہ لکھا ہے اور اہلیہ کو ٹیگ بھی کیا ہے۔

ماضی کی نامور اداکارہ و گلوکارہ نگینہ خانم کی 21 ویں برسی 24 اگست کو منائی جائیگی

مکوآنہ (این این آئی) ماضی کی نامور اداکارہ و گلوکارہ نگینہ خانم کی 21 ویں برسی 24 اگست کو منائی جائے گی۔ نگینہ خانم کا تعلق پشاور سے تھا۔ انہوں نے اپنے فلمی کیریئر کا آغاز بطور گلوکارہ کیا اور مختلف پشتو فلموں کے لیے ایک سو تیس گانے گانے کے علاوہ ایک سو سے زائد فلموں میں بھی کام کیا۔ انہیں بطور اداکارہ ایس ایم یوسف نے اپنی فلم ''اولاد'' میں متعارف کرایا ان کے مدمقابل اداکار لہری تھے۔ نگینہ خانم نے کئی پشتو فلموں میں بدر منیر کی والدہ کا کردار ادا کیا اور اس کردار کے لیے وہ پشتو فلموں کا ایک لازمی حصہ سمجھی جاتی تھیں۔ بطور اداکارہ نگینہ خانم کی آخری فلم ''مہندی والے ہتھ'' تھی۔ نگینہ خانم نے گلوکاری اور اداکاری کے علاوہ خود بھی پانچ فلمیں بنائیں۔ ان میں سے ایک فلم جینے دو اردو زبان جبکہ باقی پشتو میں تھیں۔ نگینہ خانم نے فلم انڈسٹری میں متعدد فلموں میں کردار نبھائے۔

سجل علی کی بھارتی اداکار پرابھاس کیساتھ فلم کا نام اور تفصیلات سامنے آگئیں

مدِمقابل فلم کا نام سامنے آنے پر قیاس آرائیاں کی جارہی تھیں کہ یہ فلم فوج پر مبنی ہوگی



لاہور (ویب ڈیسک) پاکستانی اداکارہ سجل علی 7 سال بعد بھارتی فلم انڈسٹری میں واپسی کے لیے تیار ہیں۔ پاکستانی و بھارتی متعدد میڈیا رپورٹس کے مطابق سجل علی بالی ووڈ کی بڑی اسکرین پر ساؤتھ انڈین سپر اسٹار پربھاس کے ساتھ رومانس لڑاتی نظر آئیں گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سجل علی اور پرابھاس کی فلم کا نام 'فوجی' ہے۔ سجل علی کی پرابھاس کے مدمقابل فلم کا نام سامنے آنے پر قیاس آرائیاں کی جارہی تھیں کہ یہ فلم فوج پر مبنی ہوگی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کی جانب سے ان افواہوں کی تردید کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ سجل اور پرابھاس کی فلم کا نام 'فوجی' ضرور ہے مگر اس کا موضوع مختلف ہو گا۔ دوسری جانب میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا جارہا ہے کہ اس فلم کی شوٹنگ رواں ماہ کی 24 تاریخ کو شروع ہوگی۔

معروف ادیب، عظیم افسانہ نگار اشفاق احمد کا 99 واں یوم پیدائش 22 اگست کو منایا جائیگا

مکوآنہ (این این آئی) پاکستان کے معروف ادیب، عظیم افسانہ نگار اشفاق احمد کا 99 واں یوم پیدائش 22 اگست کو منایا جائے گا۔ اردو کے نثر نگار اور ڈرامہ نگار اشفاق احمد 22 اگست 1925ء کو پیدا ہوئے انہوں نے ریڈیو پاکستان کے پروگرام ''تلقین شاہ'' سے شہرت حاصل کی ان کا شمار ملک کے ان نامور ادیبوں میں ہوتا ہے جو کہ قیام پاکستان کے بعد ادبی دنیا میں اہم ترین مقام رکھتے تھے ان کے ایک معروف افسانے ''گدڑیا'' کو بے پناہ پزیرائی حاصل ہوئی۔

خوشی کپور کا خوبصورتی کیلئے ناک اور ہونٹ کی سرجری کرانے کا اعتراف

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی آنجہانی اداکارہ سری دیوی کی بیٹی اداکارہ خوشی کپور نے اپنی خوبصورتی میں اضافے کے لیے ناک اور ہونٹ کی سرجری کرانے کا اعتراف کر لیا۔ گزشتہ دنوں ایک پرانی ویڈیو سوشل میڈیا پر منظر عام پر آئی جس میں 12 سال کی خوشی کو اپنی والدہ سری دیوی کے ساتھ ایک ایوارڈ تقریب میں شرکت کرتے دیکھا گیا۔ جیسے ہی یہ پرانی ویڈیو سوشل میڈیا پر نظر آئی تو صارفین نے کمنٹس کرتے ہوئے خوشی کپور کو ٹیگ کیا کہ آپ پہلے بہت مختلف تھیں اور اب الگ نظر آتی ہیں، خاص طور پر آپ کی ناک اور ہونٹوں میں بہت تبدیلی آئی ہے۔ اداکارہ نے صارف کو جواب دیتے ہوئے اعتراف کیا کہ انہوں نے خوبصورتی میں اضافے کیلئے ہونٹ اور ناک کا ٹریٹمنٹ کروایا تھا۔ خوشی کی جانب سے اس اعتراف کے بعد انہیں صارفین کی جانب سے کافی سراہا جا رہا ہے۔ صارفین کا خیال ہے کہ اتنی سچائی سے سرجری کا اعتراف کرنے کیلئے مشہور شخصیات کو کافی ہمت کی ضرورت ہوتی ہے جبکہ اکثر اداکارائیں تو قبول ہی نہیں کرتیں لیکن خوشی نے بڑی آسانی سے اس چیز کا اعتراف کیا ہے جو کہ قابل تعریف ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

ریونیو ملازمین کے لیے ٹریننگ سیشن کا اہتمام، ضلع بھر سے ریونیو عملہ، پٹواریان، نمبرداران موضعات کی شرکت



وزیرآباد (نامہ نگار) پنجاب اربن لینڈ سسٹمز انہانسمنٹ پراجیکٹ (پلس) ٹیم کا اسسٹنٹ کمشنر وزیرآباد رب نواز چدھڑ کے زیر صدارت ریونیو ملازمین کے لیے ٹریننگ سیشن کا اہتمام ضلع بھر سے ریونیو عملہ، پٹواریان، نمبرداران موضعات کی شرکت اراضی ریکارڈ کے ڈیجیٹل نظام بارے آگاہی اور افادیت و اغراض بارے شرکاء کو بریفنگ۔ ریونیو عملہ، پٹواریان اور نمبرداران موضعات سے خطاب کرتے ہوئے پنجاب اربن لینڈ سسٹمز انہانسمنٹ پراجیکٹ (پلس) کے ماہر قانون وقار مشتاق طور نے کہا کہ حکومت پنجاب نے اس منصوبے کے تحت صوبہ بھر کے اضلاع میں مشترکہ کھیوٹ کی تقسیم کا مرحلہ وار عمل شروع کر دیا ہے تا کہ اراضی ریکارڈ میں ایک مالک، ایک ونڈ ائی حوصلہ افزائی کی جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اراضی کی تقسیم کے لیے حکومت پنجاب نے تمام اضلاع کے اراضی سنٹرز پر کھیوٹ کی تقسیم کے متعلق تفصیلی معلومات اور سہولیات فراہم کی ہیں تا کہ عوام اراضی ریکارڈ کی ڈیجیٹلائزیشن سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکیں۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا سہیل اسلم (جی آئی ایس) اسپیشلسٹ پلس نے کہا کہ حکومت پنجاب، اراضی کے نظام کو بین الاقوامی معیار کے تقاضوں کے مطابق بنا رہی ہے تا کہ عوام اور اراضی سے متعلقہ اداروں کی اراضی ریکارڈ کی معلومات تک سہولت کے ساتھ آسان رسائی ممکن ہو۔

ملکی سیاسی و معاشی صورتحال ابتر ہے۔ محمد اجمل چیمہ

درست پالیسیاں اور اصلاحات بحرانی کیفیت سے نکال سکتی ہیں، سابق ضلع ناظم سیالکوٹ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) صنعتی شعبہ میں ترقی ہو یا سیاسی ابتر صورتحال یہ بات اپوزیشن ہی نہیں حکومتی حلقے بھی سمجھ رہے ہیں۔ ملک میں جاری سیاسی و معاشی بحرانوں سے نجات کیلئے سیاسی و معاشی استحکام لازم ہے۔ صنعتی شعبہ میں ترقی کیلئے بجلی کی قیمتوں میں کمی ناگزیر ہے۔ ملکی ترقی و استحکام کیلئے صنعتی شعبہ کیلئے بجلی کی قیمتوں میں کمی ناگزیر ہے۔ ان باتوں کا اظہار سیالکوٹ کے معروف بزنس ٹائیکون محمد اکمل چیمہ سابق ضلع ناظم سیالکوٹ نے لاسٹر کلب کی پروقار تقریب میں شرکت کے موقع پر سفیر میڈیا نمائندگان سے ملاقات کے موقع پر کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیالکوٹ چیمبر آف کامرس کثیر زرمبادلہ ملک کو کما کر دے رہا ہے ہماری حکومت کو چاہیے کہ وہ برآمدی شعبہ سے وابستہ تاجروں کی ایکسپورٹس کیلئے بہتر پالیسی اختیار کرے اور ملکی سیاسی صورتحال کو بہتر کرنے کیلئے اپوزیشن کیساتھ ڈائیلاگ کرے ہم سب پاکستانی ہیں اور اس ملک کے ادارے ہمارے ہیں اور ہم انکی قدر کرتے ہیں۔ ملکی وسیع تر مفاد کیلئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ایک ہونا چاہیے۔

نارنگ شہر کی مرکزی شاہراہیں بازار نارنگ موڑ تجاوزات مافیا کے قبضے

ٹاؤن کمیٹی انتظامیہ مبینہ طور پر منتھلیاں لے کر سہولت کاری کا کردار ادا کرنے لگی



نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ شہر کی مرکزی شاہراہیں بازار نارنگ موڑ تجاوزات مافیا کے قبضے میں ہے جب کبھی تجاوزات کے خلاف آپریشن متوقع ہو تو تجاوزات مافیا کو پیشگی آگاہ کر دیا جاتا ہے عرصہ دراز سے صورتحال جوں کی توں ہے شہری ذہنی مریض بن چکے ہیں سکول وکالجز جانے والی طالبات سمیت اہل علاقہ کو شدید پریشانی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

نئے تعینات ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی کمیٹی روم میں ضلعی افسران سے تعارفی ملاقات

سرکاری دفاتر اور ہسپتالوں میں آنے والا ہر فرد ہمارے لیے وی آئی پی ہونا چاہیے، ڈپٹی کمشنر



ننکانہ صاحب: ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ ضلعی افسران سے تعارفی ملاقات کر رہے ہیں، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام ضلعی افسران بھی موجود ہیں۔

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) نئے تعینات ہونے والے ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو کی کمیٹی روم میں ضلعی افسران سے تعارفی ملاقات، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز سمیت تمام ضلعی افسران تعارفی ملاقات میں موجود تھے۔ ضلعی محکموں کے سربراہان نے اپنے اپنے محکموں بارے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ضلع بھر کے تمام سرکاری دفاتر اور ہسپتالوں میں آنے والا ہر فرد ہمارے لیے وی آئی پی ہونا چاہیے، شہریوں کو سرکاری دفاتر میں عزت دی جائے اور انکے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ضلع میں دیہاتوں کی سطح تک سپورٹس گراونڈز بنائے گے اور سی ایم انیشیٹو ز پر سختی سے عملدرآمد کروایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر کیا جائے گا، اساتذہ کی کمی کو پورا کریں گے، شہریوں کو طبی سہولیات کی فراہمی میں کوئی کسر نہ چھوڑی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ تمام اسسٹنٹ کمشنرز گندم کے گوداموں میں گندم کی ٹیگنگ کو ہر صورت یقینی بنائیں اور متعلقہ ادارے ملاوٹ مافیا کے خلاف کریک ڈاون کی تیاری کریں۔

اپنی چھت اپنا گھر اسکیم سے بہت سے ضرورتمندوں کو اپنی چھت ملے گی، چوہدری اورنگزیب گورائیہ

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) وزیر اعلی مریم نواز عوامی منصوبے شروع کر رہی ہیں اپنی چھت اپنا گھر اسکیم سے بہت سے ضرورتمندوں کو اپنی چھت ملے گی مریم نواز اپنے والد اور چچا کے نقش قدم پر چل کر ملک وقوم کی ترقی میں اہم کردار ادا کر رہی ہیں پنجاب حکومت کا ایجنڈا صرف اور صرف ترقی ہے شہباز شریف نے پنجاب کو ترقی یافتہ بنایا اب مریم نواز مزید منصوبے لا کر پنجاب کی تعمیر وترقی میں اضافہ کر رہی ہیں ان خیالات کا اظہار پاکستان مسلم لیگ ن کے چوہدری اورنگزیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

ریجنل وائس چیئرمین لیسکو سجاد احمد بھٹی کی ساتھیوں سمیت ایکسیئن مرید کے انجینئر رب یار سے ملاقات



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) ریجنل وائس چیئرمین لیسکو سجاد احمد بھٹی کی ساتھیوں سمیت ایکسیئن مرید کے انجینئر رب یار سے ملاقات چارج سنبھالنے پر مبارکباد دی اور پھولوں کا گلدستہ پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اس موقع پر ڈویژنل سیکرٹری کوٹ لکھپت صدیق بھٹی ریجنل وائس چیئرمین یوتھ ونگ حافظ ندیم میاں عبد التواب چیئرمین نارنگ نارتھ ملک یاسین سیکریٹری نارتھ تعیم کمبوہ رانا محمد ابراہیم اور چیئرمین نارنگ ساؤتھ ملک افتخار راجد بھی ہمراہ تھے ایکسیئن انجینئر رب یار نے آل پاکستان ہائیڈرو ورکر یونین کے تمام نمائندگان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ بجلی چوروں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری رکھیں گے اس سلسلے میں نئی ٹیمیں تشکیل دی جا رہی ہیں لیسکو افسران کی ہدایت پر بجلی چوری کے خلاف سخت ایکشن لیں گے شہریوں کا تعاون ناگزیر ہے شہری بلاخوف بجلی چوری کی اطلاع دیں یہ قومی فریضہ ہے بجلی چور ملک قوم کے مجرم ان سے رعایت کسی صورت ممکن نہیں ہے۔

عوامی شکایات اور پولیس سے متعلقہ مسائل کے حل کے لیے ڈی پی او ساہیوال

فیصل شہزاد کی تھانہ کسووال میں کھلی کچہری

ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال، فیصل شہزاد نے تھانہ کسووال میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں علاقے کے شہریوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی کھلی کچہری کا مقصد عوامی مسائل کو فوری طور پر سننا اور ان کی دادرسی کو یقینی بنانا تھا کھلی کچہری میں شہریوں نے اپنے مسائل براہ راست ڈی پی او ساہیوال کے سامنے پیش کیے جن کے حل کے لیے ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد نے موقع پر احکامات جاری کیے۔ اس موقع ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد نے کہا کہ پولیس عوام کی خدمت کے لیے ہر وقت تیار ہے اور ان کے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کھلی کچہریوں کا مقصد عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد کا رشتہ مضبوط کرنا اور ان کے مسائل کا بروقت حل ہے۔ ڈی پی او ساہیوال نے اس موقع پر پولیس اہلکاروں کو ہدایت کی کہ وہ عوامی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں اور کسی بھی قسم کی کوتاہی یا غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ پولیس کا کام صرف قانون کی عملداری نہیں بلکہ عوام کی خدمت بھی ہے، اور اس خدمت کو بہتر بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں۔

بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام سیمینار

ڈاکٹر شاہد مبین وائس چانسلر بابا گورونانک یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل کی بطور مہمان خصوصی شرکت



ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب شعبہ ریاضی کے زیر اہتمام "ریاضی کائنات کی ایک زبان ہے: اس کی طاقت اور خوبصورتی کی تلاش" کے عنوان سے سیمینار کا انعقاد کیا جس کی صدارت شعبہ کے چیئرسن ڈاکٹر شاہد مبین نے کی، وائس چانسلر بابا گورونانک یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد افضل نے بطور مہمان خصوصی جبکہ سیمینار میں رجسٹرار بابا گورونانک یونیورسٹی مبشر طارق، پنجاب یونیورسٹی سے پروفیسر محمد ریاض دی اسلامیہ یونیورسٹی آف بہاولپور سے پروفیسر ڈاکٹر محمد فہیم خان اور پروفیسر ڈاکٹر غلام مصطفیٰ یونیورسٹی آف ایجوکیشن لاہور سے پروفیسر ڈاکٹر محمد اعظم اور کامسیٹ یونیورسٹی سے پروفیسر ڈاکٹر محمد حسین سمیت مختلف یونیورسٹیز سے اساتذہ اور طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ ریاضی کے علوم کا ہماری روزمرہ زندگی میں بہت اہم کردار ہے۔ سیمینار کا مقصد اساتذہ اور طلباء کو ریاضی کے نئے علوم اور جدید طریقہ تدریس سے روشناس کروانا ہے تا کہ وہ اس سے بھرپور فائدہ اٹھا کر ان علوم میں مہارت حاصل کر سکیں گے۔ اس سے قبل یونیورسٹی کے شعبہ ریاضی کے بورڈ آف سٹڈیز کے افتتاحی اجلاس کا بھی انعقاد کیا گیا جس میں بورڈ کے بیرونی اور اندرونی ممبران نے بی ایس ایم فل اور پی ایچ ڈی ریاضی کے پروگراموں کے نصاب پر غور اور نظر ثانی کرنا تھا۔

سرجیکل مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن پاکستان کوالٹی پراڈکٹس میں منفرد ہے۔ ریاض الدین شیخ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سرجیکل انسٹرومنٹس ایسوسی ایشن پاکستان کی اہم میٹنگ کا انعقاد ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ کے کنفیع میموریل ہال میں ہوا جس میں گروپ لیڈر اتحاد فاؤنڈرز ریاض الدین شیخ اور صدر ایوان صنعت وتجارت سیالکوٹ عبد الغفور ملک نے خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر شرکاء نے سرجیکل انسٹرومنٹس ایسوسی ایشن سیالکوٹ پلیٹ فارم سے دنیا بھائے۔ ممالک میں میڈان پاکستان سرجیکل ڈیوائسز پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں پاکستانی سرجیکل انسٹرومنٹس کی کوالٹی پراڈکٹس کی نا صرف مانگ ہے بلکہ اللہ کے فضل سے ہماری معیاری اور منفرد سرجیکل آرٹیکلز کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا وجہ اپنے فن میں تاک ہمارے بہترین استعداد کار کے حامل کاریگر و کارخانہ دار ہیں۔

اب شہریوں کو دفاتر کے چکر کاٹنے کی ضرورت نہیں ہیلپ لائن پر کال کریں

نمائندہ آپکی دہلیز پر ہوگا، اسسٹنٹ کمشنر

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ نعم بابر نے کہا ہے کہ "مریم کی دستک" پروگرام کے تحت شہریوں کو پیدائش سرٹیفکیٹ، میرج سرٹیفکیٹ، ڈیتھ سرٹیفکیٹ، گاڑی کی ٹرانسفر سمیت حکومت پنجاب کی دیگر سہولیات کے حصول کیلئے دفاتر کی چکر کاٹنے کی ضرورت نہیں رہے گی، ہیلپ لائن 1202 پر کال کرنے پر دستک فیسیلیٹیٹر آپ کی دہلیز پر موجود ہوگا، اس پروگرام کی بدولت نوجوانوں کو باعزت روزگار کے موقع ملا ہے اس کیلئے فیسیلیٹیٹر کی عمر کا 18 سال اور انٹر پاس ہونا لازمی ہے۔

ایکسیئن سٹی 3 اظہر اقبال کی زیر قیادت اپریشنز جاری ہیں، غلام باری

صارفین برسات میں الیکٹرسٹی تنصیبات سے دور رہیں، عاصم سہیل راشد

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سپرنٹنڈنٹ انجینئر گیپکو سیالکوٹ سردار جمشید کی زیر نگرانی تمام ڈیفنس روڈ، گوھدپور سمیت تمام سب ڈویژن آفیسز میں گیپکو کا متعدد عملہ اپنے افیسران کی زیر قیادت پاور ڈویژن کیخلاف آپریشن کامیابی کیساتھ جاری ہے۔ ایک سوال کے جواب میں دبنگ گیپکو آفیسر سٹی 3 اظہر اقبال گھمن نے کہا کہ پاور ڈویژن کیجانب سے دیئے گئے اہداف ایس۔ای گیپکو سردار جمشید کی قیادت میں کامیابی سے ہمکنار کیے جا رہے ہیں۔ اس دوران نادہندگان سے وصولی اور عدم ادائیگی واجبات والے ڈیفالٹرز کے خلاف گھیرا تنگ کرنے کیلئے انکی جائیداد قرقی کر کے بھی گیپکو وصولیاں کیجا رہی ہیں۔ وزیر اعظم پاکستان کے احکامات کے مطابق گیپکو سیالکوٹ بجلی چوری و واجبات نادہندگان میں ملوث افراد کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کر رہا ہے۔



رائل آرچرڈ ساہیوال نے اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس بار بھی

ساہیوال ڈویژن کا سب بڑا جشن آزادی فیملی فیسٹول منعقد کیا





ساہیوال (مہراے ڈی نسیم سپراسے) رائل آرچرڈ ساہیوال نے اپنی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے اس بار بھی ساہیوال ڈویژن کا سب بڑا جشن آزادی فیملی فیسٹول منعقد کیا۔ جس میں رائل آرچرڈ کے رہائشیوں اور نمبرز سمیت، ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن شریف اور گردونواح سے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے ساتھ ساتھ نوجوانوں، بچوں، بزرگوں اور خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ رائل آرچرڈ ساہیوال کی جانب سے جشن آزادی کے اس میگا ایونٹ میں فائر ورکس کا شاندار مظاہرہ کیا گیا، اس کے علاوہ فوڈ اسٹالز، بچوں کے لیے پلے لینڈ، کڈی رائیڈز، جگلنگ شو، پیلیس شو، میجک شو، واٹر شو کے ساتھ ساتھ ملک کے مایہ ناز سنگرز اور صوفیانہ کلام پر فنکاروں کی شاندار پرفارمنسز نے آزادی فیملی فیسٹول کی رونق کو مزید دو بالا کر دیا جسے شرکاء نے خاص طور پر سراہا۔ جشن آزادی فیملی فیسٹول کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے شرکاء نے نہ صرف رائل آرچرڈ ساہیوال کے بہترین انتظامات کی تعریف کی اور اس طرح کی ایکٹیویٹیز کو ایک صحت مند معاشرے کی علامت قرار دیا۔ شرکاء نے رائل آرچرڈ ساہیوال کی انتظامیہ کو جشن آزادی فیملی فیسٹول کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد دی جس میں دس ہزار سے زائد لوگوں نے شرکت کرا اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا۔

جرم وسزا

CRIME & COURT

پولیس تشدد سے 60 سالہ شخص جان بحق، لواحقین کا ختم نبوت چوک میں لاش رکھ کر پولیس کے خلاف شدید احتجاج

پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے لواحقین کا وزیر اعلی پنجاب سے مطالبہ، ڈی پی او سے نوٹس لینے کا مطالبہ



پولیس تشدد سے جاں بحق ہونیوالا ریاض

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس تشدد سے 60 سالہ شخص جان بحق، لواحقین کا ختم نبوت چوک میں لاش رکھ کر پولیس کے خلاف شدید احتجاج تفصیلات کے مطابق چنیوٹ کے نواحی علاقہ کوٹ خدا یار میں پولیس نے گزشتہ رات 2 بجے ریاض حسین کے گھر پر ریڈ کیا اور دو افراد کو گرفتار کر لیا جبکہ ریاض کو تشدد کا نشانہ بنایا۔ پولیس نے وحشیانہ طریقے سے اسلحہ کے بٹ مارے جس سے ریاض حسین کی موت واقع ہوئی لواحقین کے احتجاج کی وجہ سے ختم نبوت چوک میں گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں تشدد کا نشانہ بنانے والے پولیس اہلکاروں کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے لواحقین کا وزیر اعلی پنجاب سے مطالبہ جبکہ ڈی پی او عبداللہ احمد نے واقعہ پر نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی سٹی کو معاملہ کی انکوائری کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت جاری کر دی۔

ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال شیخوپورہ کی ایم ایس ڈاکٹر فائزہ کنول کا ہسپتال کے ادویات سٹور کا جائزہ

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال شیخوپورہ کی ایم ایس ڈاکٹر فائزہ بھنول نے ہسپتال کے ادویات سٹور کا جائزہ لیا اور مریضوں کی فراہم کی جانے والی ادویات کی تفصیلات سے حاصل کیں انہوں نے ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کو ہدایت کی کہ ہسپتال میں مریضوں کو سرکاری ادویات کی فراہمی میں کوئی کوتاہی نہ برتی جائے جبکہ میڈیکل ٹیسٹوں کے عمل کو بھی فعال بنایا جائے تا کہ مریضوں کو پرائیویٹ لیبز سے ٹیسٹوں کی مد میں اخراجات نہ اٹھانے پڑیں، انہوں نے میڈیا کو بتایا کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال میں روزانہ ہزاروں مریض علاج معالجہ کیلئے لائے جاتے ہیں جنہیں علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی کیلئے ہمہ وقت ماہر ڈاکٹرز و عملہ مستعدی سے اپنی خدمات سرانجام دے رہا ہے مریضوں کی جانوں کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے جس کی خاطر مربوط لائحہ عمل مرتب کیا گیا ہے اور ٹیسٹوں سمیت تمام تر ادویات مفت فراہم کی جا رہی ہیں۔

آئیکو سرکل جہلم میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے صارفین سخت اذیت میں مبتلا

جہلم (بیورو رپورٹ) آئیکو سرکل جہلم میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ جاری غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سے صارفین سخت ازیت میں مبتلا واپڈا صارفین نے وزیر اعظم پاکستان، وفاقی وزیر پانی وبجلی سے نوٹس لینے اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ ختم کرنے کا مطالبہ کر دیا تفصیلات کے مطابق سخت گرمی اور حبس کے موسم میں آئیکو سرکل جہلم کی اربن اور سول لائن سب ڈویژن میں غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کا سلسلہ جاری ہے، جس کی وجہ سے صارفین کو سخت گرمی اور حبس کے موسم میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، اس حوالے سے واپڈا ہ صارفین نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آئیکو سرکل جہلم میں واپڈا کو سو فیصد ریکوری ہو رہی ہے، جبکہ بجلی چوری کے مقدمات بھی آئے میں نمک کے برابر ہیں۔

باثر ملزمان جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں، امجد جاوید

پولیس بھائی کے قاتلوں کو گرفتار کرنے میں ناکام ہو چکی ہے، ساتھیوں کے ہمراہ پریس کانفرنس



فیصل آباد: تھانہ گلبرگ پولیس کی جانب سے قتل کے ملزمان کی عدم گرفتاری پر مقتول کے ورثاء پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے۔

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) ایک ماہ کا عرصہ گزر جانے کے باوجود گلبرگ پولیس، سعید عمران کے قاتلوں کو گرفتار نہ کر سکی باثر ملزمان جان سے مارنے کی دھمکیاں دے رہے ہیں پولیس آفسران جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دیں تا کہ آئندہ کوئی واقعہ رونما نا ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار مقتول کے بھائی امجد جاوید نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ فیصل آباد پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا جن کا کہنا تھا کہ 19 جولائی 2024 کو ملزمان حافظ سعید عرف کوڈو، فیصل گھوڑا، مانا قصائی، حیدر عرف حیدی شاہ وغیرہ نے دن دیہاڑے میرے بھائی سعید عمران ولد سردار محمد کو ناحق قتل کر دیا جس کا مقدمہ نمبر 967/24 میری مدعیت میں تھانہ گلبرگ میں درج ہے لیکن ایک ماہ کا عرصہ گذرنے کے باوجود پولیس بھائی کے قاتلوں کو گرفتار کرنے میں ناکام ہو چکی ہے ملزمان ایک منظم گروہ ہے جن پر اس کے قبل بھی کئی قتل اقدام قتل، بھتہ خوری، دیگر سنگین نوعیت کے مقدمات درج ہیں اور وہ ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں بھی ملوث ہیں سیاسی وجرائم پیشہ عناصر کی پشت پناہی کی بنا پر سرعام دندناتے پھر رہے ہیں اور علاقہ میں دہشت کی علامت بن چکے ہیں۔ مقدمہ کی پیروی سے روکنے کے لیے پورے خاندان کو دھمکیاں بھی دی جا رہی ہیں پریس کانفرنس میں ورثاء نے آئی جی پنجاب، آر پی او فیصل آباد اور سی پی او فیصل آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے جوائنٹ انوسٹی گیشن ٹیم تشکیل دیکر انصاف کی فراہمی یقینی بنائیں۔

اوکاڑہ: باثر ملزمان کا محنت کش رکشہ ڈرائیور کو اغواء کر کے بدترین تشدد



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایک نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق بستی اقبال نگر اوکاڑہ کے رہائشی رکشہ ڈرائیور شان مسیح الوہاب کنٹرول شیڈ فارم بہاد رنگر پر سامان لے کر گیا سامان اترنے کے بعد رکشہ ڈرائیور شان مسیح نے 2 ہزار روپے کرایے کا مطالبہ کیا جس پر کنٹرول شیڈ کے سیکیورٹی گارڈ و دیگر عملے نے رکشہ ڈرائیور کی تو ں تکرار ہو گئی۔ ملزمان نے مشتعل ہو کر شان مسیح کو بے دریغ مار پیٹ کی اور اغواء کر کے نامعلوم مقام پر لے گئے اور اسے بدترین تشدد کا نشانہ بنایا، نوجوان شان مسیح کے ورثاء کی تلاش کرتے رہے جنہیں ملزمان نے کنٹرول شیڈ کے مالک کے دفتر واقع بینظیر روڈ پر بلایا، ورثاء نے نوجوان شان مسیح کو مضروب حالت میں دیکھتے ہوئے پولیس کو کال کر دی۔ پولیس تھانہ گوگیرہ نیمضروب محنت کش شان مسیح کے بھائی پرویز مسیح ولد برکت مسیح کی درخواست پر 4 نامزد پولٹری کے معروف تاجر رانا غلام صابر، ڈاکٹر فہیم، امان اللہ، وقاص اور ایک نامعلوم ملزم کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔ پرویز مسیح نے صحافیوں سے گفتگو کے دوران اعلی حکام انصاف دینے کا مطالبہ کیا ہے۔

پٹرولنگ پولیس چوکی شہید رفاقت علی کی بڑی کارروائی

ملزمان کے قبضے سے 9 ایم ایم پستول اور مشکوک موٹر سائیکل پکڑ کر مقدمہ درج کر لیا



فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ڈی آئی جی پی پٹرولنگ پولیس پنجاب اطہر وحید اور ایس ایس پی فیصل آباد ریجن مرزا انجم کمال کی خصوصی ہدایات اور ڈی ایس پی ایچ پی فیصل آباد رانا نصر اللہ پوسٹ انچارج پٹرولنگ پولیس شہید رفاقت، ظہیر احمد گجر۔ اور شفٹ انچارج انوار الحسن ایچ سی کورٹ۔ اور ان کی ٹیم نے مورخہ 18/08/2024 کو صبح 2 بجے کے قریب ناکہ بندی کر کے 1 بندے کو گھیرے میں لیا اور عوام کی حفاظت کرنا ہماری ذمہ داری ہے کارروائی کی تا کہ اس کے بیٹ ایریا میں ٹرانسپورٹ اور عوامی زندگی کو تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ مشکوک موٹر سائیکل کو پکڑ کر ملزمان کے قبضے سے ایک 9 ایم ایم پستول اور مشکوک موٹر سائیکل کو پکڑ کر سانداں بار فیصل آباد تھانے میں مقدمہ درج کرایا گیا۔ مزید انچارج پوسٹ ظہیر گجر نے کہا کہ عوام کی عزت وآبرو کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے،

تھانہ چھانگا مانگا پولیس کی زبردست کاروائی خطرناک ڈکیت گینگ گرفتار

انتظار عرف انتظاری کے تین کارندے سرغنہ سمیت گرفتار، لاکھوں کی نقدی برآمد



چونیاں (تحصیل رپورٹر) تھانہ چھانگا مانگا پولیس کی زبردست کاروائی خطرناک ڈکیت گینگ انتظار عرف انتظاری کے تین کارندے سرغنہ سمیت گرفتار لاکھوں روپے نقدی، چار عدد پستول، اور ناجائز اسلحہ برآمد اہل علاقہ کا پولیس کو خراج تحسین تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور عیسی خان سکھیرا کے حکم پر تھانہ چھانگا مانگا کے SHO محمد اسلم بھٹی، اور چوکی انچارج بھوئے آصل محمد مدثر نے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی کرتے ہوئے خطرناک ڈکیت گینگ انتظار عرف انتظاری کے تین کارندے نیامت، مدثر اور انتظار کو سرغنہ سمیت رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے انکے قبضہ سے پانچ لاکھ روپے نقدی رقم، چار عدد موٹر سائیکلز، اور ناجائز اسلحہ برآمد کر لیا ملزمان ریکارڈ یافتہ ہیں جو علاقہ بھر میں چوری، ڈکیتی جیسی سنگین وارداتیں سرانجام دیتے تھے دوران تفتیش ملزمان نے 15 سے زائد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے تھانہ چھانگا مانگا پولیس کی اس کاروائی کو اہل علاقہ نے خوب سراہا اور انہیں

وزیر آباد کے علاقہ ڈسکہ روڈ سے 14 اگست کے روز سے 19 سالہ نوجوان محمد سعید لاپتہ



لاپتہ ہونیوالا نوجوان محمد عبداللہ ولد محمد سعید

وزیر آباد (نامہ نگار) وزیر آباد کے علاقہ ڈسکہ روڈ سے 14 اگست کے روز سے 19 سالہ نوجوان محمد عبداللہ ولد محمد سعید لا پتہ ہوا ہے جس کے بارے میں پولیس تھانہ سٹی وزیر آباد میں رپورٹ بھی کروائی گئی ہے تا حال لاپتہ نوجوان کا کوئی سراغ نہ مل سکا ہے۔ لاپتہ ہونیوالے نوجوان کے والدین غم سے نڈھال ہیں اور انہوں نے عوام الناس سے اپیل کی ہے کہ جس کسی کو بھی ان کے بیٹے بارے کچھ معلوم ہو تو وہ تھانہ سٹی وزیر آباد میں اطلاع دے یا پھر اس نمبر اطلاع دیں 03067284907۔ نوجوان کے والدین نے وزیر اعلیٰ پنجاب، آئی جی پنجاب، آر پی او ہی پی او گوجرانوالہ، ڈی ایس پی سرکل وزیر آباد ہاشم محمود گجر سے مطالبہ کیا ہے کہ ان کے لخت جگر کو بازیاب کروائیں

والنٹیئر محمد نعمان مرحوم کی کارکردگی بہترین رہی، محمد اسلام میر

سلامی دستہ میں ذبردست پرفارم کیا، سول ڈیفنس ڈویژن وارڈن 1



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سول ڈیفنس سیالکوٹ کے گروپ ڈی کے مرحوم والنٹیئر محمد نعمان کی بطور رضاکار 14 اگست کے موقع پر سلامی دستہ میں زبردست پرفارمنس رہی اپنی پوسٹ پر بھی ڈیوٹیز کے دوران اسکی کارکردگی بہترین رہی۔ ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر کی زیر سربراہی منعقدہ تعزیتی ریفرنس میں مرحوم نعمان سمیت ایٹک سول ڈیفنس سیالکوٹ کے تمام جملہ فوت شدگان رضاکاران کیلئے دعائے مغفرت کی گئی۔ سول ڈیفنس سیالکوٹ کے ڈویژن وارڈن 1 کمانڈر محمد اسلام میر ڈپٹی چیف وارڈن محمد حفیظ چغتائی، ڈویژن وارڈن 2 حدید احمد بٹ، گروپ وارڈن ڈی میاں مبشر، ڈپٹی گروپ وارڈن ڈی خواجہ عامر جاوید، محمد اقبال میر، پوسٹ وارڈن محمد ثقلین، محمد عاصم نے اپنے تعزیتی پیغام میں کہا کہ محمد نعمان مرحوم جوان رضاکار تھا جو سول ڈیفنس ڈیوٹی انتہائی جانفشانی سے سرانجام دے رہا تھا۔

وزیر آباد: موٹر سائیکل چ

''قوت'' کلاسیفائیڈ
روزنامہ قوت
QAWAT DAILY
تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی دعوے کے بارے میں ادارہ ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے مضمون پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات قابل شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔
042-3636003

ٹینڈر نوٹس
ٹینڈر
1
ٹینڈر نوٹس
یزدوں بس کے بریک فیل ہونے کے باعث پیش آنے والا پاکستانی زائرین کی بس دشمنی افغان چیک پوائنٹ کے سامنے الٹنے کی پنجاب کے بعض کوگ کے بعض کوگوں کی ہمدردیاں اور افغانستان کے ساتھ تجارت دشمنت کو تباہ کرنے کے درپے ہے اور بہتر دشمنت دوستت کو آباد کرنے میں اور چینی سیاحوں کو روکنے کے اس کی ملک کی ملکی شان بے مثال ہے بالا کوشش کرے گی۔ کونٹر خبر رسانی کرنا کہ صوبائی حکومت نے مزید اپنے تاکہ اداروں کے اشاروں پاک چین دوستی کو متاثر کرنے میں مصروف ہے۔ واضح رہے کہ سازشوں پر پاکستان اور افغانستان کا دورہ کرنے والے 4 چینی سیاحوں کو خیبر پختونخوا میں داخلے سے روک دیا گیا۔
ٹینڈر نوٹس
3
اتھارٹی نیز 3 لاہور میں نمائندظہر الدا کی تنگی اور ہمدرد آبادی آبادی شہر سنان میں پرخاک کر دیا گیا۔
ٹینڈر نوٹس
4
ہونے والے خاندانوں میں کی تکالیف کی یاد دلاتا ہے، دشت گردی کے خلاف جنگ کی پاکستان نے بھاری قیمت چکائی ہے۔ مفتی معظم کا کہنا ہے کہ ہم نے دشت گردی کی وجہ سے ہزاروں افسر اور سپاہی اور سکیورٹی اہلکاروں کو کھویا، سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ دشت گردوں نے ہمارے شہریوں کو نشانہ بنایا، ہمارے دوستوں کو شہید کیا، ہمارے سکیورٹی اداروں کے دشت گردوں نے پہلی معیشت کو برباد کیا ہے کہ دشت گردی نے ہمارے ملک کو کروڑوں پاکستانیوں کو کھویا، ہمارے سکیورٹی اداروں کے دشت گردوں کی جنگ میں ہمارے ملک کو بہت نقصان پہنچا ہے، ہم نے بہت قربانیاں دی ہیں، ہماری قوم نے بہت قربانیاں دی ہیں، ہمارے سکیورٹی اداروں نے دشت گردی کی جنگ لڑی ہے، ہمارے سکیورٹی اداروں کے دشت گردی کی وجہ سے ہزاروں افسر اور سپاہی شہید ہوئے ہیں، ہمارے سکیورٹی اداروں کے دشت گردی کے خاتمے کے لیے بہت لازوال قربانیاں دی

28 اگست کی ملک گیر تاریخی ہڑتال عوام کے جذبات کی ترجمانی ہوگی

ضیاالدین انصاری

غریب کے بچوں کے منہ کا نوالہ چھین کر حکمرانوں کو عیاشیوں کی اجازت ہرگز نہیں دیں گے۔

حکمرانوں کے ریلیف کے دعوؤں کے باوجود جولائی کے بجلی کے بلوں نے عوام کی چیخیں نکلوا دی ہیں، امیر جماعت اسلامی لاہور

لاہور (خبرنگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ 28 اگست کی ملک گیر ہڑتال عوام کے جذبات کی ترجمانی ہوگی۔ غریب کے بچوں کے منہ کا نوالہ چھین کر حکمرانوں کو عیاشیوں کی اجازت ہرگز نہیں دیں گے۔ حکمرانوں کے ریلیف کے دعوؤں کے باوجود جولائی کے بجلی کے بلوں نے عوام کی چیخیں نکلوا دی ہیں، جولائی کے بلوں میں بھی اوور بلنگ کرکے مہینے بھر کے کم و بیش دگنا بل وصول کیا گیا ہے۔ حکمرانوں کے ریلیف کے دعوؤں کے باوجود



لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری جنوبی لاہور کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی وی کی مدت کے فلاحی اقدامات کو عوام تک پہنچانے کا مؤثر ذریعہ ہے، ڈاکٹر شہناشہ فیصل عظیم

عوام کو اطلاعات اور معیاری تفریح کی فراہمی میں پاکستان ٹیلی ویژن کا کردار خصوصی اہمیت کا حامل ہے

پی ٹی وی نے اپنے پروگرامز خصوصاً ڈراموں کے ذریعے عوام کی کثیر تعداد کو اپنا گرویدہ بنایا ہے، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب

لاہور (خبرنگار) ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز ہیڈ ڈاکٹر شہناشہ فیصل عظیم نے کہا ہے کہ پاکستان ٹیلی ویژن کی کارکردگی قابل ستائش ہے۔ پی ٹی وی نے اپنے پروگرامز خصوصاً ڈراموں کے ذریعے عوام کی کثیر تعداد کو اپنا گرویدہ بنایا ہے، ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب فلاحی مقصد کو بروئے کار لاتے ہوئے عوام تک پہنچانے کے لئے فراہمی اور تفریح کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے اور یہ حکومت کے فلاحی اقدامات کو عوام تک پہنچانے کا مؤثر ذریعہ ہے۔ پاکستان ٹیلی ویژن نے ملک میں علم و اطلاعات کی



ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز پنجاب شہناشہ فیصل عظیم پاکستان ٹیلی ویژن لاہور مرکز کا دورہ کر رہے ہیں

انہوں نے پاکستان ٹیلی ویژن لاہور مرکز کا محکمہ تعلقات عامہ اور پی ٹی وی کے درمیان تعاون روز بروز فروغ پا رہا ہے۔ ان خیالات کا اظہار

باقی صفحہ 20 پر ملاحظہ کریں

شوگر ایڈوائزری بورڈ نے 100000 میٹرک ٹن چینی برآمد کرنے کی سفارش کر دی

اسلام آباد (این آئی آئی) شوگر ایڈوائزری بورڈ نے 100000 میٹرک ٹن چینی برآمد کرنے کی سفارش کر دی۔ جاری اعلامیہ کے مطابق وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین کی زیر صدارت شوگر ایڈوائزری بورڈ کا اجلاس ہوا جس میں وزیر تجارت جام کمال خان بھی شریک تھے۔ اعلامیہ کے مطابق ملک میں چینی کے اسٹاک کے دستیابی اور چینوں کا جائزہ لیا گیا۔ اعلامیہ کے مطابق شوگر ایڈوائزری بورڈ نے 100000 میٹرک ٹن چینی برآمد کرنے کی سفارش کر دی۔

پی ٹی آئی جلسہ، پولیس کی جانب سے ہراساں کرنے کے خلاف لاہور ہائیکورٹ میں درخواست

لاہور (این آئی) تحریک انصاف نے 22 اگست کے جلسے سے متعلق پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے ہراساں کرنے کے خلاف لاہور ہائیکورٹ سے رجوع کر لیا۔ پی ٹی آئی جلسے کے صدر زیب کمانہ نے سلمان خان نیازی کی وساطت سے درخواست دائر کی جس میں صوبائی حکومت، پنجاب پولیس سمیت دیگر کو فریق بنایا گیا ہے۔ درخواست میں مؤقف اپنایا کہ ترتیبی کے مقام پر 22 اگست کو جلسہ

باقی صفحہ 28 پر ملاحظہ کریں

پی ٹی آئی کارکنوں کی گرفتاری کا معاملہ، پولیس کو آئینی حقوق کی خلاف ورزی سے روکدیا گیا

حکومت پنجاب اور پولیس غیر آئینی اقدام پر قانونی اختیارات استعمال کر سکتی ہے، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے پاکستان تحریک انصاف کے جلسے کے لیے شرکا کی گرفتاریوں سے متعلق سماعت میں پولیس کو آئینی حقوق کی خلاف ورزی سے روکتے ہوئے درخواست نمٹا دی۔ لاہور ہائیکورٹ میں پی ٹی آئی کی جلسے کے شرکا کی گرفتاریوں سے روکنے سے متعلق درخواست پر سماعت ہوئی۔ دوران سماعت درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ پی پی 149 سے امیدوار اسامہ حمزہ کے گھر پر ریڈ کیا گیا

باقی صفحہ 26 پر ملاحظہ کریں

عرس داتا گنج بخش اور چہلم حضرت امام حسین جلوس کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ

صوبائی وزیر بلال یاسین کا ڈپٹی کمشنر موسیٰ رضا، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران اور متعلقہ افسران کے ہمراہ

لاہور (این آئی) عرس داتا گنج بخش (رح) اور چہلم حضرت امام حسین (رض) جلوس کے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا گیا، صوبائی وزیر بلال یاسین نے ڈپٹی کمشنر او سید موسیٰ رضا، ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران اور متعلقہ افسران کے ہمراہ



اسلام آباد: صدر آصف علی زرداری سے صدر آکسفورڈ یونین اسرار خان کی ملاقات کر رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں سرکاری افسران کے زیر استعمال الیکٹرک ڈبالیسر پر سائبر حملوں کا خدشہ

پشاور (این آئی) خیبر پختونخوا میں سرکاری افسران کے زیر استعمال الیکٹرک ڈیوائسز پر سائبر حملوں کا خدشہ ہے، محکمہ داخلہ خیبر پختونخوا نے سرکاری افسران کیلئے ایڈوائزری جاری کردی۔ محکمہ داخلہ کے مطابق وائس ایپ نمبرز اور شناختی سلاٹ کے ذریعے الیکٹرانک آلات اور کمپیوٹرز پر سائبر حملوں کا خدشہ ہے، سائبر حملہ آور الیکٹرانک آلات تک رسائی کے لئے مختلف وائس ایپ نمبرز اور فشنگ کال سلاٹ استعمال کر رہے ہیں۔ صوبائی محکمہ داخلہ کا کہنا ہے کہ سائبر حملہ آور مختلف نمبرز سے

باقی صفحہ 7 پر ملاحظہ کریں

سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق کا سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کی عشیرہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

اسلام آباد: (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کی عشیرہ کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ بدھ کو اسپیکر نے میاں رضا ربانی کی عشیرہ کی وفات پر دکھ ہوا۔ انہوں نے کہا کہ وہ دکھ کی اس گھڑی میں میاں رضا ربانی کے خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں اور سوگوار خاندان سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔

بنوں میں گھر پر آسمانی بجلی گرنے سے مکان کی چھت منہدم، 2 خواتین جاں بحق

بنوں کی تحصیل ڈومیل کے علاقے خوڑگئی موسیٰ خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گر گئی

بنوں: بنوں کی تحصیل ڈومیل کے علاقے خوڑگئی موسیٰ خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گرنے سے مکان کی چھت منہدم ہوگئی، حادثے میں 2 خواتین جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق بنوں کی تحصیل ڈومیل کے علاقے خوڑگئی موسیٰ خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گرگئی، جس کے باعث مکان کی چھت گر گئی۔ واقعے میں خواتین سمیت 7 افراد زخمی ہوئے ہیں، علاقہ درد دراز ہونے کی وجہ امدادی کاموں میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق دوسری جانب جاں بحق خواتین اور زخمیوں کو طبی امداد کے لئے خوڑگئی موسیٰ خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گرنے کے علاقے خوڑگئی موسیٰ خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گرنے سے خواتین جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق بنوں کی تحصیل ڈومیل کے علاقے خوڑگئی موسیٰ خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گرگئی، جس کے باعث مکان کی چھت گر گئی۔ واقعے میں خواتین سمیت 7 افراد زخمی ہوئے ہیں، علاقہ درد دراز ہونے کی وجہ امدادی کاموں میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق دوسری جانب جاں بحق خواتین اور زخمیوں کو طبی امداد کے لئے خوڑگئی موسیٰ خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گرنے سے خواتین جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہوگئے ہیں، علاقہ درد دراز ہونے کی وجہ امدادی کاموں میں مشکلات کا سامنا ہے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق دوسری جانب جاں بحق خواتین اور زخمیوں کو طبی امداد کے لئے خوڑگئی موسیٰ خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گرنے سے خواتین جاں بحق اور 7 افراد زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق بنوں کی تحصیل ڈومیل کے علاقے خوڑگئی موسیٰ خیل میں گھر پر آسمانی بجلی گرگئی، جس کے باعث مکان کی چھت گر گئی۔ واقعے میں خواتین سمیت 7 افراد زخمی ہو